ظالموں کیخلاف مظلوموں کی آواز روزنامہ عوامی دنیا

DAILY AWAMI DUNIYA GUJRANWALA

سرپرست چوہدری سمیع اللہ رہاڑ

ABC کیطرف گامزن

چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو

روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان

چیف ایگزیکٹو سید صادق علی شاہ

لیگل ایڈوائزر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ

ایڈیٹر چوہدری عابد سعید گل

جلد نمبر 32، شمارہ نمبر 222 | جمعرات 16 شعبان المعظم، 1447ھ، 5 فروری 2026ء، 23 ماگھ، 2081ب، صفحات 4، قیمت 10 روپے


# پاکستان سے دوطرفہ تجارتی تعلقات مزید مضبوط بنانا چاہتے ہیں

ہائی کمشنر روانڈا

گوجرانوالہ پاکستان کا سب سے بڑا صنعتی کلسٹر ہے جہاں سے سالانہ تقریباً 3.5 ارب ڈالر سے زائد برآمدات ہوتی ہیں اور گوجرانوالہ قومی جی ڈی پی میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے، صدر چیمبر آف کامرس علی ہمایوں بٹ

روانڈا افریقہ کا گیٹ وے ہے جہاں زیرو کرپشن پالیسی 'ویزا آن ارائیول 'آسان کاروباری قوانین 'فری انڈسٹریل زونز اور سرمایہ کاروں کیلئے متنوع مراعات دستیاب ہیں ہم پاکستان خصوصاً گوجرانوالہ کے ساتھ تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا چاہتے ہیں

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) صدر چیمبر آف کامرس علی ہمایوں بٹ نے کہا ہے کہ گوجرانوالہ پاکستان کا سب سے بڑا صنعتی کلسٹر ہے جہاں سے سالانہ تقریباً 3.5 ارب ڈالر سے زائد برآمدات ہوتی ہیں اور گوجرانوالہ قومی جی ڈی پی میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے 'دوطرفہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

## شب برات وہ بابرکت لمحے ہیں جب کائنات پر ایک عجیب سا سکون طاری ہو جاتا ہے

ہوائیں بھی ٹھہر جاتی ہیں اور وقت جیسے سجدے میں جھک جاتا ہے، راجہ رب نواز گجر خانی

واہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) شب برات وہ بابرکت لمحے ہیں جب کائنات پر ایک عجیب سا سکون طاری ہو جاتا ہے، ہوائیں بھی ٹھہر جاتی ہیں اور وقت جیسے سجدے میں جھک جاتا ہے۔ یہ وہ مقدس ساعتیں ہیں جب رب کریم اپنے بندوں کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے، جب ہر ٹوٹا دل فریاد بن کر عرش تک پہنچتا ہے اور ہر سچا آنسو قبولیت کی مہر پا لیتا ہے۔ اس خاموش رات میں فرشتے زمین پر اترتے ہیں، دعاں کو سمیٹتے ہیں اور بندوں کے نام اعمال پر رحمت کی روشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

## ہم صفدر آباد کی جانی پہچانی شخصیت صحافت کی دنیا میں ابھرتا ہوا ستارہ کسی تعارف کا محتاج نہیں

صابر حسین گھمن کو ایشیا ون سیٹلائٹ ٹی وی تحصیل کرائم رپورٹر مقرر کیے جانے پر مبارکباد

صفدر آباد (محمد اکبر شاہ) مبارکباد دینے والوں نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ صابر حسین گھمن اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، وسیع صحافتی تجربے اور مثبت سوچ کے ساتھ ایشیا ون سیٹلائٹ ٹی وی کے پلیٹ فارم سے حقائق پر مبنی، معیاری اور ذمہ دار صحافت کو فروغ دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ صابر حسین گھمن کی بطور تحصیل کرائم رپورٹر تعیناتی ادارے کے لیے نیک شگون ثابت ہوگی اور وہ عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے، حق و سچ کی آواز بننے اور صحافتی اقدار کی پاسداری میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔

## لاہور ہائیکورٹ، ملاوٹ شدہ دودھ کی ترسیل کا مقدمہ، ملزم کی درخواست ضمانت مسترد

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے ملاوٹ شدہ دودھ کی ترسیل کے مقدمے میں ملزم کی درخواست ضمانت مسترد کر دی، عدالت نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ جعلی، مصنوعی اور غیر معیاری دودھ تیار اور ترسیل کرنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں۔ عدالت نے 2400 لیٹر ملاوٹ شدہ دودھ کی ترسیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

## یتیم اور محروم بچوں کی کفالت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، بلال فاروق تارڑ

بلاشبہ بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت اللہ تعالیٰ اور نبی آخر الزمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ عمل ہے

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بلاشبہ بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت اللہ تعالیٰ اور نبی آخر الزمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ عمل ہے، یتیم اور محروم بچوں کی کفالت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، یتیم کی کفالت ایک احساس اور عظیم فریضہ ہے، یتیم بچوں کی پرورش نا صرف مذہبی و سماجی ذمہ داری ہے بلکہ ایک مہذب معاشرے کی تشکیل کے لئے اشد ضروری ہے، وزیر آباد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

# مفاہمتی معاہدوں کو عملی شکل دینے کیلئے عزم

شہباز شریف

پاکستان اور قازقستان کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط ہو گئے، دونوں ممالک نے دوطرفہ تجارت کو ایک سال میں 1 ارب ڈالر تک لے جانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے

پاکستان اور قازقستان میں مختلف شعبوں میں تعاون کی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی، وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر قازقستان تقریب میں موجود تھے، دونوں رہنماں نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کئے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان اور قازقستان کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی، وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر قازقستان تقریب میں موجود تھے، دونوں رہنماں نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کئے۔ پاکستان اور قازقستان کے درمیان کان کنی اور پٹرولیم کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، دونوں ملکوں کے درمیان اقوام متحدہ کے امن دستوں کے حوالے سے بھی مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ کیا گیا۔ پاکستان اور قازقستان کے درمیان قیدیوں کے تبادلے سے متعلق معاہدے کی دستاویز کا تبادلہ کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

## گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی خصوصی ہدایات اور تعلیم دوست وژن کے تحت حسن ابدال کے طلباو طالبات میں جدید تعلیمی سہولیات کے فروغ کے لیے لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی

اٹک (راضی خان سے) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی خصوصی ہدایات اور تعلیم دوست وژن کے تحت حسن ابدال کے طلبا و طالبات میں جدید تعلیمی سہولیات کے فروغ کے لیے لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس اقدام کا مقصد نوجوان نسل کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا اور تعلیمی میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ تقریب میں ڈویژنل صدر راولپنڈی پاکستان پیپلز پارٹی سردار اشعر حیات خان، سی او ایجوکیشن ڈاکٹر محمد اظہر صاحب، امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 02 سردار ذوالفقار حیات خان ایڈووکیٹ، خرم خان، جنرل سیکرٹری ضلع اٹک نصیر جدون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

## دو برقعہ پوش نوسر باز عورتوں نے گھر کی خواتین کو کوتشدد کا نشانہ بنایا اور نشہ آور رومال سونگھا کر طلائی زیورات لوٹ لیے

لیاقت پور (سید محمد طارق شاہ) ترنڈہ محمد پناہ کے علاقہ محلہ محمد خان عباسی میں دو برقعہ پوش نوسر باز عورتوں نے واردات کرتے ہوئے سعودیہ میں مقیم شہری شاہ نواز عباسی کے گھر میں داخل ہو کر اس کی اہلیہ) الف (بی بی کو تشدد کا نشانہ بنایا اور نشہ آور رومال سونگھا کر طلائی زیورات لو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

## کشمیریوں کے جذبہ حریت اور شوقِ شہادت کو سلام پیش کرتے ہیں

کشمیر میں نہتے شہریوں کو بھارتی فوج اپنے ظلم کا نشانہ بنا رہی ہے، رانا محمد عمران آف سادھو کے

کاموکے (رانا محمد ناصر سے) کشمیریوں کے جذبہ حریت اور شوقِ شہادت کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سماجی رہنما رانا محمد عمران آف سادھو کے نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے جنگی جنون نے پورے خطے میں عدم استحکام پیدا کر دیا ہے۔ بھارتی مظالم سے جنت نظیر مقبوضہ وادی ٹارچر سیلوں، گمنام قبروں اور شہدا کے مدفن کی سرزمین بن چکی ہے کشمیریوں کے جذبہ حریت نے بھارت پر لرزہ طاری کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

## سیف الاسلام قذافی کی شہادت معمر قذافی کے خلاف استعمار کی بغاوت کا تسلسل ہے، مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے سیف الاسلام قذافی کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

## نوجوانوں کو کمبوڈیا میں مبینہ طور پر فروخت کرنیوالا گروہ گرفتار

یہ چھ ملزمان پر مشتمل گروہ ہے، ملزمان آن لائن سوشل میڈیا پر بیرون ملک نوکریوں کا اشتہار دیتے اور پیسے لیکر نوجوانوں کو کمبوڈیا لیجاتے، ایف آئی اے

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) ایف آئی اے نے نوکریوں کا جھانسہ دیکر نوجوانوں کو کمبوڈیا میں مبینہ طور پر فروخت کرنیوالا گروہ پکڑ لیا، چھ ملزمان پر مشتمل گروہ آن لائن بیرون ملک نوکریوں کا اشتہار دیتے تھے، گرفتار ملزمان نے سنسنی خیز انکشافات کر دیئے، بتایا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

## پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے، راجہ محمد اسلم جرال

جس نے ہمیشہ مظلوموں کے حق کے لیے آواز بلند کی، یہ وہ واحد جماعت ہے

اٹک (راضی خان سے) پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے جس نے ہمیشہ مظلوموں کے حق کے لیے آواز بلند کی، یہ وہ واحد جماعت ہے جس پر پاکستانی عوام کا بھروسہ پختہ ہو چکا ہے، ہم چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے سردار اشعر حیات خان کو ڈپٹی پرنٹل صدر ملک ریاست علی خان کو ضلعی صدر کا نوٹیفکیشن جاری کیا، بریگیڈیئر عاصم نواز ملک طاہر اعوان کی پیپلز پارٹی میں شمولیت سے پارٹی مضبوط ہوگی ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی سویڈن یورپ کے رہنما راجہ محمد اسلم جرال نے میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

## گوجرانوالہ پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام یکجہتی کشمیر کے عنوان سے صدائے کشمیر سیمینار منعقد کیا گیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) گوجرانوالہ پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام یکجہتی کشمیر کے عنوان سے صدائے کشمیر سیمینار منعقد کیا گیا سیمنار سے صاحبزادہ پیر محمد داد رضوی، محمد زاہد حبیب قادری، صاحبزادہ پیر سید حسن رضا مدنی شاہ، قاری محمد سلیم زاہد، محمد آصف مغل کیلانی سمیت دیگر علماء، مشائخ اور قائدین تنظیمات اہل سنت نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ اقوام متحدہ لاکھوں کشمیریوں کو شہید کرنے والے بھارت کو دہشت گرد ریاست قرار دے، مقبوضہ کشمیر میں آرٹیکل 370 اور 35-A کو فوری بحال کر کے کشمیر کی خصوصی حیثیت واپس دلائے۔ پہلگام سمیت مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے تمام دہشت گردی کے واقعات میں خود بھارت ملوث ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

## تھانہ سٹی پولیس کی بہترین تفتیش و پیروی مقدمہ کی بدولت معاشرتی ناسور اپنے انجام کو پہنچ گیا

معزز عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمہ 566/24 تھانہ سٹی سرگودھا کا فیصلہ سنا دیا

سرگودھا جھاوریاں (راجہ فیاض) تھانہ سٹی پولیس کی بہترین تفتیش و پیروی مقدمہ کی بدولت معاشرتی ناسور اپنے انجام کو پہنچ گیا معزز عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمہ 566/24 تھانہ سٹی سرگودھا کا فیصلہ سنا دیا مجرم علی رضا منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ کرتا تھا، جس کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا تھا پولیس نے مجرم کو ٹھوس شواہد کیساتھ چالان عدالت کیا اور مقدمہ کی موثر پیروی کیٹھوس ثبوت اور موثر پیروی پر معزز عدالت نے مجرم کو 09 سال قید اور 80 ہزار جرمانہ کی سزا سنا دی منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ کرنے والوں کو قرار واقعی سزا دلوائی جا رہی ہے ڈی پی او منشیات فروش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

## سابق آئی جی پنجاب عثمان انور ڈی جی ایف آئی اے تعینات

سابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کو ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) ایف آئی اے تعینات کر دیا گیا

اٹک حسن ابدال (خرم خان) سابق آئی جی پنجاب عثمان انور ڈی جی ایف آئی اے تعینات* لاہور: سابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کو ڈائریکٹر جنرل ڈی جی (ایف آئی اے تعینات کر دیا گیا۔ حکومت کی جانب سے عثمان انور کو ڈی جی ایف آئی اے تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ ڈاکٹر عثمان انور کو جنوری 2023 میں آئی جی پنجاب تعینات کیا گیا تھا اور گزشتہ روز ان کی جگہ راعبدالکریم کو آئی جی پنجاب لگایا گیا تھا۔ راعبدالکریم کو آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

## سردار فیضان حیدر خان نوجوان اعلیٰ تعلیم یافتہ سلجھے ہوئے معاملہ فہم اور خدمت کے جذبہ سے سرشار نوجوان سیاستدان ہیں

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) سردار فیضان حیدر خان نوجوان اعلیٰ تعلیم یافتہ سلجھے ہوئے معاملہ فہم اور خدمت کے جذبہ سے سرشار نوجوان سیاستدان ہیں اپنے والد گورنر پنجاب سردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

## وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے قازق ہم منصب کی ملاقات، دوطرفہ معاشی تعلقات بڑھانے کا عزم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے قازقستان کے ہم منصب ارمان شقلیف نیملا قات کی، وسطی ایشیا سیپا کستان کے ذریعے عالمی منڈیوں تک رسائی کے امکانات پر بات ہوئی، دونوں وزراء نے بزنس ٹو بزنس روابط اور تجارتی وفود کے تبادلے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ قازقستان کے وزیر نیو سطی و جنوبی ایشیا اور یورپ کو جوڑنیکا وژن اجاگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

## ملک ریاست علی سدھریال نے اپنی زندگی میں سیاست سے پہلے عوامی خدمت کو ترجیح دی ہے

وہ خود ایک زمیندار گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے انہوں نے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی تمام تر زندگی سرف کر دی



اٹک (راضی خان سے) سابق امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 4 ملک ریاست علی سدھریال نے اپنی زندگی میں سیاست سے پہلے عوامی خدمت کو ترجیح دی ہے، وہ خود ایک زمیندار گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے انہوں نے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی تمام تر زندگی سرف کر دی، سیاست میں بھی ان کا کوئی ثانی نہیں انہوں کے سیاست میں قدم رکھتے ہیں مخالفین کی نیندیں حرام ہونا شروع ہو گئیں اور اب ان کا سیاست میں ایک اپنا نام ہے، انہوں نے پارٹی سے وفا کی مثالیں قائم کیں یہی وجہ ہے کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے انہیں ضلعی صدر کا نوٹیفکیشن جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

## بدعنوانی کے مقدمہ میں گرفتار سابق سی او بلدیہ کے ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع

اینٹی کرپشن کی طرف سے حیدر چٹھہ کو سینئر سول جج صفت اللہ کی عدالت میں پیش کیا گیا' معزز عدالت نے ملزم کے وکیل کی مقدمہ کے اخراج' ریمانڈ نہ دینے کی استدعا مسترد کر دی

ملزم سے دوران تفتیش ریکور ہونیوالے تیس لاکھ روپے عدالت میں پیش' حیدر چٹھہ کیخلاف سابق ڈی سی کے جعلی دستخط کر کے 12 لاکھ روپے کی رقم خرد برد کرنے کا مقدمہ درج ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کے گرفتار ہونے والے سابق چیف آفیسر حیدر چٹھہ کے ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع کر دی گئی حیدر چٹھہ کو اینٹی کرپشن حکام نے سینئر سول جج صفت اللہ کی عدالت میں پیش کیا حیدر علی چٹھہ کے وکلا کی جانب سے مقدمہ کے اخراج 'ریمانڈ نہ دینے کی استدعا کی گئی عدالت نے ان کی استدعا مسترد کرتے ہوئے اینٹی کرپشن حکام کی درخواست پر پانچ روزہ ریمانڈ دیدیا اینٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

## یوم یکجہتی کشمیر، بھارتی مظالم ناقابلِ برداشت، اقوامِ متحدہ فوری کردار ادا کرے' احسن افضل کھوکھر

رائے ونڈ (نیوز ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے کشمیریوں پر بھارت کے مظالم کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے فوری کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے بھارتی جبر و استبداد کا سامنا کر رہے ہیں، ان کی جدوجہد آزادی کو دبایا نہیں جا سکتا، پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ان کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہا ہے، جن میں ماورائے عدالت قتل، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

## چوہدری شفقت محمود کی جانب سے طلبہ کو گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 فتح جنگ کو دس ایل ای ڈی *(LEDs) عطیہ کرنے پر ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) تحصیلدار فتح جنگ اور سپیشل مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود کی جانب سے طلبہ کو جدید تعلیم سے روشناس کرانے کے لیے گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 فتح جنگ کو دس ایل ای ڈی *(LEDs) عطیہ کرنے پر ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا اس تقریب میں سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر اظہر اقبال، ڈی ای او ایلمنٹری سید تقی عباس شاہ، ڈپٹی ڈی ای او ایجوکیشن فتح جنگ چوہدری شیر افضل، پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول ملال ملک محمد مسکین، پرنسپل سید ساجد شاہ، ملک محمد فیاض ہیڈ ماسٹر کسراں، پرنسپل ہائیر سیکینڈری سکول قطبال حسام الدین، قدیر اختر، سماجی شخصیت سردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

## سردار ظہور اقبال کے اعزاز میں گورنر کے ہی کے فیصل کریم کنڈی کی اسلام آباد میں خصوصی دعوت وعشائیہ

اس موقع پر موجودہ ملکی صورتحال پر گورنر سے تفصیلی بات چیت ہوئی

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) چیئرمین بزنس فورم فرانس یورپ اور معروف کاروباری شخصیت سردار ظہور اقبال کے اعزاز میں گورنر کے ہی کے فیصل کریم کنڈی کی اسلام آباد میں خصوصی دعوت وعشائیہ، سردار ظہور اقبال کے اعزاز میں گورنر کی طرف سے منعقدہ عشائیہ میں سردار ظہور اقبال، بشیر حیات اور علی فرقان بھی موجود تھے اس موقع پر موجودہ ملکی صورتحال پر گورنر سے تفصیلی بات چیت ہوئی جس میں سردار ظہور اقبال نے سیکورٹی اداروں کی ملک کے لئے قربانیوں کو سراہتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

## پی آئی اے کا پیرس سے پاکستان آنے والے مسافروں کے لیے کرایوں میں 10 فیصد رعایت کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پی آئی اے کا پیرس سے پاکستان آنے والے مسافروں کے لیے کرایوں میں 10 فیصد رعایت کا اعلان کر دیا۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے نے پیرس سے پاکستان کے مختلف شہروں کا رخ کرنے والے مسافروں کے لیے کرایوں میں 10 فیصد خصوصی ڈسکاؤنٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

## تحصیلدار فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے مفید عامہ (عوامی فائدے) کی زمین پر ناجائز قبضہ کرنے کی کوشش کرنے والے ملزمان کے خلاف فوری اور سخت ایکشن لیتے ہوئے انہیں موقع سے گرفتار کرا دیا

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) تحصیلدار فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے مفید عامہ (عوامی فائدے) کی زمین پر ناجائز قبضہ کرنے کی کوشش کرنے والے ملزمان کے خلاف فوری اور سخت ایکشن لیتے ہوئے انہیں موقع سے گرفتار کرا دیا تفصیلات کے مطابق تحصیلدار چوہدری شفقت محمود کو اطلاع ملی کہ ڈھوکڑی روڈ پر واقع ایک خشک مفید عامہ کی بن) عوامی استعمال کی زمین (پر کچھ لوگ مٹی ڈال کر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس اطلاع پر فوری طور پر ایکشن لیتے ہوئے تحصیلدار نے اپنے عملے کو موقع پر بھیجا۔ عملے نے وہاں موجود ملزمان کو فوری طور پر پکڑ کر تحصیلدار کی عدالت میں پیش کر دیا ملزمان نے گلیوں میں جگہ خریدنے کے بعد ڈھوکڑی روڈ کی اس مفید عامہ کی زمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

## کشمیر کی آزادی محض ایک نعرہ نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے ایمان کا حصہ ہے

5 فروری کا دن تجدیدِ عہد کا دن ہے

لاہور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) "کشمیر کی آزادی محض ایک نعرہ نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے ایمان کا حصہ ہے۔ 5 فروری کا دن تجدیدِ عہد کا دن ہے کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کو بھارتی ظلم و استبداد کے رحم و کرم پر تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ پاکستان علما کونسل کا پیغام واضح ہے: کشمیر کی آزادی تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔" "ظلم کی رات کتنی ہی طویل کیوں نہ ہو، سحر ہو کر رہتی ہے۔ وادیٔ کشمیر کے غیور مسلمانوں کی قربانیاں ضائع نہیں جائیں گی۔ ہم ارضِ پاک سے یہ عہد کرتے ہیں کہ کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے۔ ان شا اللہ، کشمیر بنے گا پاکستا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

## پاکستان اور کمبوڈیا کا دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی سفارتکاری اور روابط مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان اور کمبوڈیا کا دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی سفارتکاری اور عوامی روابط مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا ہے۔ چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کی کمبوڈیا کے بادشاہ نورودوم سیہامونی سے اہم ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات میں چیئرمین سینیٹ نے کمبوڈیا کی قیادت اور عوام کو ترقی، استحکام اور قومی ہم آہنگی پر مبارکباد دی جبکہ ملاقات میں پارلیما (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

## ہم اپنے مسلمان کشمیری بھائیوں کے استواب رائے دہی کے حق کی بھرپور حمایت کرتے ہیں

بھارت کشمیر میں نہ صرف انسانی حقوق کی خلاف ورزی کر رہا ہے، چوہدری اختر علی خاں، چوہدری سجاد احمد خاں

کاموکے (رانا محمد ناصر سے) یوم اظہار یکجہتی کشمیر بھارت کے ہاتھوں ظلم کی چکی میں پسنے والے مظلوم نہتے کشمیریوں کے عزم اور حوصلے کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے، ہم اپنے مسلمان کشمیری بھائیوں کے استواب رائے دہی کے حق کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ایم پی اے چوہدری اختر علی خاں، سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی چوہدری سجاد احمد خاں، چوہدری عبداللہ اختر خاں، چوہدری دانیال سجاد خاں، محمد اسلام مغل اور چوہدری کاشف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سرپرست چوہدری سمیع اللہ رباڈ
ABC بلڑ کا مرن
چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو
روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان
چیف ایگزیکٹو سید صادق علی شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ
چوہدری ایڈیٹر عابد سعید گل

# وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت اٹک پولیس کے افسران کے لیے ریسکیو 1122 کے تعاون سے تربیتی سیشن کا انعقاد

اٹک حسن ابدال (خرم خان سے) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت اٹک پولیس کے افسران کے لیے ریسکیو 1122 کے تعاون سے تربیتی سیشن کا انعقاد* تفصیلات کے مطابق حکومتِ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں اٹک پولیس کے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے پولیس لائن اٹک میں ریسکیو 1122 کے تعاون سے تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، تربیتی سیشن میں ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز اٹک سردار اظہر شبیر بھی موجود تھے، تربیتی سیشن کے دوران پولیس افسران کو ابتدائی طبی امداد، سی پی آر کے درست طریقہ کار، آگ بجھانے کے بنیادی اقدامات، فائر فائٹنگ کی عملی تربیت اور عملی مشقیں فراہم کی گئیں، ریسکیو 1122 کے ماہرین نے آگ لگنے کی صورت میں فوری ردِعمل، حفاظتی تدابیر، فائر فائٹنگ آلات کے درست استعمال اور ہنگامی حالات میں مؤثر کارروائی سے متعلق تفصیلی آگاہی دی۔ ڈی پی او اٹک نے اس موقع پر کہا کہ اٹک پولیس عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

# تحصیل فتح جنگ کے علاقے گلی جاگیر سے پنڈ فتا تک وایا نکودر روڈ کی تعمیر کا فنڈ جاری

## جس سے متعدد دیہات کے ہزاروں مکینوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) تحصیل فتح جنگ کے علاقے گلی جاگیر سے پنڈ فتا تک وایا نکودر روڈ کی تعمیر کا فنڈ جاری، جس سے متعدد دیہات کے ہزاروں مکینوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ یہ روڈ مقامی آبادی کے لیے آمدورفت، تجارت اور روزمرہ زندگی کو آسان بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا معروف سماجی شخصیت اور نکودر کے رہائشی حوالدار محمد اقبال نے اس منصوبے کے لیے چیئرمین واسا پنجاب اور رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ چوہدری شیر علی خان ایم پی اے کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ چوہدری شیر علی خان نے روڈ کی تعمیر کے لیے خطیر گرانٹ فراہم کر کے عوام کی حقیقی خدمت کا ثبوت دیا ہے حوالدار محمد اقبال نے مزید کہا چوہدری شیر علی خان عوام کے حقیقی نمائندے ہیں ان کی کاوشوں سے یہ روڈ مکمل ہونے سے علاقائی ترقی میں تیزی آئے گی اور لوگوں کی مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔ ہم سب ان کے مشکور ہیں یہ منصوبہ ضلع اٹک کے دیہی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کی جانب ایک اہم قدم ہے، جو وزیراعلیٰ پنجاب کی ترقیاتی پالیسیوں کے تحت مکمل کیا جا رہا ہے۔ مقامی لوگوں کا مطالبہ ہے کہ اس روڈ کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ فوائد جلد حاصل ہوں۔

☆☆☆

# شبِ برت کی عبادات

تحریر: مولانا امیر محمد اکرم اعوان

بعض اوقات، بعض لمحات، بعض راتوں کے لئے حدیث شریف میں فضائل آئے ہیں، ان کی برکات زیادہ ہیں۔ ان میں عبادت کا اہتمام لوگ کرتے ہیں۔ لیکن ایک بات یاد رہے، بنیاد فرائض ہیں۔ اگر کوئی فرائض کی پرواہ نہیں کرتا اور صرف شب براتیں منا لیتا ہے، تو یہ دین نہیں ہے۔ جیسا کہ ہمارے ہاں رواج ہے اور شب برت بھی ہم پٹاخے چلا کر، خرافات سے مناتے ہیں۔ اگر یہ رات عبادت کی ہے، فیصلوں کی رات ہے۔ بعض احادیث میں ملتا ہے۔ بعض متقدمین نے تفسیر میں بھی نقل فرمایا ہے کہ دنیا میں کام کرنے والے فرشتوں کو ایک سال کے لئے اس رات میں فیصلے عطا کر دیئے جاتے ہیں۔ لیکن کیا اللہ کریم اپنے فیصلوں میں کسی کا محتاج ہے؟ کوئی ایسا فیصلہ ہے جو اللہ پر ہاوی ہے اور اللہ کریم مجبور ہے، ایسی تو کوئی بات نہیں۔ وہ جب چاہے جو چاہے فیصلہ کرے۔ ہر لمحہ اس کی عبادت کا ہے اور ہم نے عبادت کا مفہوم سمجھنے میں ٹھوکر کھائی ہے۔ عبادت کا مطلب اطاعت الٰہی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ نماز اور نفل عبادت ہیں۔ بازار جانا بھی عبادت ہے، روزگار کمانا بھی عبادت ہے، مزدوری کرنا بھی عبادت ہے، بال بچے پالنا بھی عبادت ہے، والدین کی خدمت بھی عبادت ہے، اولاد کی تربیت بھی عبادت ہے۔ زندگی کا ہر کام یا اللہ کی عبادت ہے یا جرم ہے۔ دو حالتوں میں سے زندگی کا کوئی کام خالی نہیں ہے۔ اگر اللہ کے حکم کے مطابق ہے، نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اتباع میں ہے، نبی کریم ﷺ کی غلامی میں ہے تو ہر کام عبادت ہے۔ مزدوری عبادت ہے، سفر عبادت ہے، قیام عبادت ہے، سونا عبادت ہے، جاگنا عبادت ہے، بات کرنا عبادت ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ اللہ کی اطاعت کی حدود کے اندر ہو۔ عبادت کا مطلب اطاعت ہے۔ جو عبادات فرض کی گئی ہیں جیسے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ یہ اللہ کا خصوصی انعام ہے۔ یہ حضور حق میں حاضری ہے۔ اللہ کی بارگاہ میں روبرو کھڑے ہونا ہے۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ بار بار بارگاہ عالی میں حاضر ہونے سے بندے کا اللہ سے تعلق بڑھتا ہے، آشنائی بڑھتی ہے، دل اللہ کی طرف مائل ہوتا ہے۔ لہٰذا عبادات کا حاصل پانے آپ ثواب کہتے ہیں۔ ہمیں اس کو سمجھنے میں بھی غلطی لگتی ہے اور کہہ دیا جاتا ہے یہ ادھاری مزدوری ہے۔ جی اس کا ثواب مرنے کے بعد ملے گا۔ یہ غلط کہا جاتا ہے۔ ہر شے کا ثواب نقد ملتا ہے اور عبادات کا ثواب کیا ہے؟ اِن الصلوٰۃ تنھیٰ عنِ الفحشآءِ والمنکر) العنکبوت: (45 اگر آپ اللہ کی عبادات کرتے ہیں تو اس کا ثواب یہ ہے کہ آپ کا کردار صحیح ہو جاتا ہے۔ بار بار حاضری سے، سربسجود ہونے سے، سجدے کی قربت سے، اللہ کا قرب نصیب ہوتا ہے۔ دل پر ایک کیف نصیب ہوتا ہے، ایک حضوری نصیب ہوتی ہے۔ معیت الٰہی نصیب ہوتی ہے۔ ایک احساس نصیب ہوتا ہے کہ میرا پروردگار ہر جگہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ میرے ساتھ ہے، میرے کردار سے واقف ہے۔ لہٰذا بندہ مسلسل اللہ کی اطاعت کرتا چلا جاتا ہے۔ اس کی نافرمانی سے بچنے کا سبب بن جاتا ہے۔ اللہ کی حضوری کا کیف گناہ سے بچنے کا سبب بن جاتا ہے۔ اگر اللہ کی عبادت بھی کئے جا رہا ہے، نمازیں بھی پڑھے جا رہا ہے، جھوٹ بولے جا رہا ہے۔ نمازیں بھی پڑھے جا رہا ہے، سود کھائے جا رہا ہے، برائی کئے جا رہا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ عبادت نہیں کر رہا، کہیں نہ کہیں کوئی کمی ہے یا اس کا عقیدہ درست نہیں ہے یا عمل سنت کے مطابق نہیں ہے۔ حضور ﷺ کے اتباع میں نہیں ہے۔ کہیں کوئی کمی ہے کہ اس پر نتیجہ مرتب نہیں ہو رہا۔ یہی حال ان مبارک ساعتوں کا بھی ہوتا ہے۔ لیل القدر ہے یا شب برت ہے۔ اگر ان مبارک ساعتوں میں عبادت نصیب ہوتی ہے یا شب بیداری نصیب ہوتی ہے تو اس کا حاصل کیا ہے؟ کیوں شب بیداری کرے؟ کیوں رات کو نفلیں پڑھیں؟ اور پھر ایسے بندے نے نفلیں کیا پڑھنی ہیں جو فرائض کا تارک ہے؟ نوافل تو زائد ہوتے ہیں۔ کسی کے پاس اصل سرمایہ ہی نہ رہے تو زائد کیا رہے گا؟ ان کا حاصل یہ ہے کہ اگر کوئی شب برت کو شب بیداری کرتا ہے یا نوافل ادا کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آئندہ وہ فرائض کا تارک نہیں رہے گا۔ اللہ اسے توفیق دے دے گا کہ وہ فرائض قائم کرے گا، اللہ کی نافرمانی سے بچنے کی توفیق مل جائے گی، اللہ کا اطاعت گزار بندہ بن جائے گا۔ لیکن ہماری بدنصیبی یہ ہے کہ ہم احکام الٰہی اور شریعت کو چھوڑ کر رسومات کے پیروکار ہو گئے ہیں۔ ہم رواجات کو ترجیح دیتے ہیں اور ہماری ہر ادا میں ایک عجیب طلب پنہاں ہوتی ہے کہ میرا ایسا کرنے سے میرے بارے لوگ کیا کہیں گے؟ لوگ مجھے پارسا مانتے ہیں کہ نہیں لوگ مجھے نیک مانتے ہیں یا نہیں، لوگوں نے مانا تو کیا ہوگا؟ لوگوں نے نہ مانا تو کیا ہوگا؟ اللہ کے ایسے نبی دنیا سے گزرے جنہیں بحیثیت نبی کسی نے تسلیم نہیں کیا بلکہ ظلماً شہید کر دیا۔ کیا ان کی شان میں کمی آ جائے گی کہ دنیا میں تمہیں کسی نے نہیں مانا؟ لوگوں نے تمہیں اچھا نہیں کہا اس لئے تم اچھے نہیں ہو، ہرگز نہیں۔ جنہوں نے نہیں مانا ان لوگوں کا نقصان ہوا، ان کا ایمان ضائع ہوا۔ انبیا کی شان میں کوئی کمی نہیں آئی۔ حق وہ ہے جو عنداللہ ہے، بارگاہ رسالت ﷺ میں قبول ہو، عنداللہ قبول ہو تو وہ قبولیت ہے۔ نزل علیک الکتٰب بالحق )العمران: 03) فرمایا اللہ نے حق کے ساتھ یہ کتاب نازل فرمائی۔ اللہ ایک ہے، جو زندہ ہے، جو قائم ہے اور وہ اکیلا عبادت کا مستحق ہے۔ باقی ساری کائنات اس کی دی ہوئی حیات سے زندہ رہتی ہے۔ اس کے قائم رکھنے سے قائم رہتی ہے اور وہی مالک مختار ہے، جس نے آپ پر کتاب نازل فرمائی بالحق حق کے ساتھ، واقعیت کے ساتھ، اس کا ایک ایک حرف حق ہے۔ جو حرف بہ حرف سچ ہے۔ جو اپنے اندر واقعیت رکھتا ہے یعنی ایسا ہی واقعہ ہوگا جیسا قرآن نے بتا دیا۔ اس کے سارے اصول قواعد و ابطال نزول سے لے کر قیام قیامت تک قابل عمل اور قابل اتباع ہیں۔ آج اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ ہمارا رشتہ کمزور ہو گیا ہے۔ اس لئے ہمیں سمجھنے میں دقت ہوتی ہے۔ ایک دن میرے پاس ایک مہمان آئے۔ ان کے ساتھ دو نوجوان بچے تھے۔ انہوں نے کندھوں تک بال رکھے ہوئے تھے۔ سر کے بالوں کو کندھوں تک بڑھانا سنت نبوی ہے۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ سر مبارک کے بال بڑھتے رہتے، جب کندھوں تک پہنچ جاتے تو حضور ﷺ کان مبارک کی لوں تک کٹوا دیتے اور پھر تب تک بال مبارک بڑھتے رہتے۔ جب تک کہ وہ شانوں تک پہنچ جاتے۔ مجھے بہت اچھے لگے بال بڑے پیارے لگے، سنت کے مطابق تھے۔ لیکن بچوں نے کیوں رکھے ہوئے ہیں؟ کیا سنت سمجھ کر، نہیں بچوں نے اس لئے رکھے ہوئے تھے کہ اہل مغرب اس طرح رکھتے ہیں، یہ ہماری بدنصیبی ہے۔ اگر سنت سمجھ کر رکھتے تو دہشت گرد کہلاتے، قدامت پسند کہلاتے اور تہذیب سے گئے ہوئے لوگ کہلاتے، غیر مہذب کہلاتے۔ نبی کریم ﷺ کی سنت ہے داڑھی مبارک، صرف نبی کریم ﷺ کی ہی نہیں، حضرت آدم علیہ السلام سے حضور نبی کریم ﷺ تک تمام انبیا کی سنت ہے۔ ہر نبی نے داڑھی رکھی کسی نبی نے شیو نہیں کی۔ چونکہ بش کی داڑھی نہیں ہے، اس لئے داڑھی رکھنا تہذیب کے خلاف ہے۔ آج اگر بش داڑھی رکھ لے تو آپ کا یہ سارا جدید طبقہ داڑھی رکھ لے گا۔ لیکن سنت سمجھ کر رکھی جائے تو غیر مہذب ہو جاتا ہے اور سنت سمجھ کر بال بڑھا لو یا بال رکھ لو تو غیر مہذب ہو جائے گا لیکن تہذیب مغرب نے چونکہ بال بڑھائے ہوئے ہیں اس لیے وہ بڑھانا تہذیب ہو گئی۔ جب ہم اس جگہ پہنچ گئے ہیں تو شب برت منانے سے ہمارا کیا بگڑا؟ چار نفلیں پڑھنے سے کیا ہوگا؟ یہ نوافل سجاوٹ ہوتے ہیں۔ جیسے یہ ممبر پڑا ہے، اس پر آپ دو پھول لگا دیتے ہیں، دو بلب لگا دیتے ہیں کوئی اور خوبصورت چیز لگا دیتے ہیں تو یہ سج جائے گا۔ لیکن اصل موجود ہے تو وہ سجے گا اور اگر اصل کا وجود ہی نہ ہو تو سجاوٹ آپ کہاں لگائیں گے؟ شب برت ہو یا لیلۃ القدر ہو، یہ ساری نفلی عبادتیں، اس زندگی کی سجاوٹ ہیں جو سنت کے مطابق ہو۔ اس شخص کے لئے جو فرائض کا پابند ہو۔ اس شخص کے لئے جو حلال و حرام میں تمیز کرتا ہو۔ اس شخص کے لئے جو اللہ پر اور اللہ کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتا ہو۔ اگر درمیان سے اصل چیز ہی نکال دو تو سجاوٹ کس کام آئے گی؟ ہم مکان سجاتے ہیں، اس میں خوبصورت لائٹیں لگاتے ہیں، اچھے پنکھے لگاتے ہیں، اچھا رنگ و روغن کرتے ہیں، مکان سج جاتا ہے۔ لیکن اگر مکان ہی نہ ہو تو سجاوٹ کس کام کی؟ رنگ کے ڈبے خرید کر رکھ لو، بتیاں خرید کر رکھ لو، پنکھے خرید کر رکھ لو، قالین خرید کر رکھ لو، صوفے خرید کر رکھ لو، مکان تو ہے نہیں یہ سارے اخراجات کس کام کے؟ میرے بھائی! یہ شب برت بھی اور اس کی شب بیداری اور اس کے نوافل بھی تب ہیں کہ جب ہم اصل کو قائم کریں۔ اب رواج یہ آ گیا ہے کہ اصل کو تو بھول جا، جانے دو، سال بھر سجدہ نہ کرو۔ ایک شب برات کو جاگ لو۔ یاد رکھیں ان مبارک راتوں کی عبادت کا بھی ثواب یہ ہے کہ رات کو جاگیں تو صبح عملی زندگی میں توفیق عمل ارزاں ہو جائے۔ پھر آپ سمجھیں کہ رات کا جاگنا قبول ہو گیا اور اگر صرف رات کو جاگے اور نوٹل پورا کر لیا کہ اب اتنی حوریں مجھے مل گئیں۔ اتنے محل مجھے جنت میں مل گئے۔ اتنے مکانات مجھے مل گئے۔ میرے بھائی سودا گری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے۔ یہ کاروبار نہیں ہے کہ ایک رات آپ نے پیسہ لگایا اور اس پر منافع آ گیا اور کافی ہے۔ سال بھر کھا لیں گے۔ نہیں، یہاں وہ بات نہیں ہے۔ عبادت کا نتیجہ توفیق عمل ہے اور اگر توفیق عمل ارزاں نہیں ہوتی تو عبادت قبول نہیں ہے۔

☆☆☆☆

# پنجاب ایجوکیشن بورڈ اور طلبہ کے تحفظات

تحریر۔۔۔شبیر حسین

بورڈ کی پیپر چیکنگ اور ریکنگ میں اصلاحات کی ضرورت: پنجاب کی وزیراعلیٰ جناب محترمہ مریم نواز صاحبہ پنجاب کے اندر جس طرح ہنگامی بنیادوں پر initiative لے رہی ہیں قابل تحسین اور قابل تعریف ہیں مریم نواز صاحبہ کی اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ loyality اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اپنے چچا میاں محمد شہباز شریف سے زیادہ down to earth اور competent ہیں۔ جس طرح انہوں نے مین ہول میں گرنے والی بیٹی اور ماں کے حادثے پر فوری طور پر اقدامات اٹھائے اور ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا دی ان کی رحم دلی عوام دوستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اور یہاں یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ جس طرح محترمہ مریم نواز صاحبہ نے سیاست میں آتے ہی اپنی سیاست کا لوہا منوایا وہ انتہائی قابل تعریف اور قابل ستائش ہے۔ انہوں نے اپنے چچا میاں شہباز شریف کو بھی کارکردگی اور اقدامات لینے میں پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ جس کے لیے محترمہ مریم نواز صاحبہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جہاں ملک اور قوم کا کاروباری پہیہ چلانے کے لیے انفراسٹرکچر ضروری ہے جس کے لیے انہوں نے شب و روز ایک کیے اور پنجاب میں بلا تفریق انکروچمنٹس کو ختم کر کے انفراسٹرکچر کو وسیع کیا بلاشبہ ٹریفک کے بھاگ کے لیے بہت ضروری تھا۔ وہاں پر ملک اور قوم کے نوجوانوں کی تعلیم پر توجہ دینا بھی انتہائی ضروری امر ہے جس پر محکمہ تعلیم کے صوبائی وزیر رانا سکندر حیات دن رات کام کر رہے ہیں۔ اور مریم نواز کی ہدایات کے مطابق اسکولوں کالجوں یونیورسٹیوں کے اندر تعلیم کو درپیش مسائل کو حل کرنے میں شب و روز مصروف عمل ہیں۔ یہاں میں محترمہ مریم نواز صاحبہ کی توجہ تعلیمی میدان میں ایک بہت ہی اہم مسئلے کی طرف دلوانا چاہوں گا کیونکہ پہلے کسی بھی گورنمنٹ کے دور میں اس طرح تیزی سے ایجیٹیٹ نہیں لیے گئے جتنی جلدی جناب محترمہ مریم نواز لے رہی ہیں اور امید کرتا ہوں کہ اس مسئلے کو بھی وہ سیریسلی دیکھیں گی اور نئی پالیسی مرتب کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی۔ پاکستان میں تعلیم کا معیار اور طلبہ کا مستقبل براہ راست امتحانات اور پیپر چیکنگ کے نظام سے جڑا ہوا ہے۔ پنجاب بورڈ، جو ملک کے سب سے بڑے تعلیمی بورڈز میں سے ایک ہے، ہر سال لاکھوں طلبہ کے امتحانات لیتا ہے، لیکن موجودہ نظام میں خامیاں بچوں کے مستقبل کے لیے شدید خطرہ بن چکی ہیں۔ ریکنگ اور مارکنگ میں موجود خامیاں اکثر دیکھا گیا ہے کہ پیپر چیک کرنے والے استاد حضرات لاعلمی یا جلد بازی کی وجہ سے صحیح جوابات کو غلط نشان زد کر دیتے ہیں، جزوی نمبر نہیں دیتے یا مکمل جواب کے باوجود نمبر کم دے دیتے ہیں۔ ریکنگ کے دوران بھی صرف ری کاؤنٹ کی جاتی ہے، اصل جوابات کی جانچ نہیں کی جاتی۔ نتیجتاً، ایک ہونہار طالب علم بھی اپنی محنت کے مطابق نمبر نہیں پا سکتا۔ ایک حقیقی واقعہ: ایک طالبہ نے پیپر ریچیک کروانے کے لیے درخواست جس پر اسے تقریباً چار ہزار روپے فیس بھی ادا کرنی پڑی اور اس طرح بورڈ والے لاکھوں کروڑوں روپے ری چیکنگ میں لوگوں سے بٹور لیتے ہیں اور نتیجے میں اس کو بورڈ آفس والوں نے بلا کر اس کا پیپر اسے چیک کروایا اس کے سوال بالکل درست تھے وہ چیخیں چلاتی رہی لیکن ریکیکر نے اسے نظرانداز کرتے ہوئے کہا کہ صرف ری کاؤنٹنگ ہو سکتی ہے۔ اور اسی دن اس کے ساتھ ایک اور طالبہ نے اپنا پیپر ری چیک کرواتے ہوئے ایک ایسا کوچن دیکھا جس کے اوپر ٹک کے نشان تھے لیکن اس کے اسے نمبر نہیں دیے گئے تھے جس سے اس کے تقریباً چار سے پانچ نمبر بڑھائے گئے اگر وہ بچے ری چیکنگ کے لیے چار ہزار روپے جمع نہ کرواتی تو اس کے وہ چار سے پانچ نمبر نہیں بڑھنے تھے اور اس کا میرٹ خراب ہو جانا تھا جس میں اس بچی کو مستقبل میں بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑنا تھا تو ہزاروں لوگ ایسے ہوتے ہیں جو چار ہزار جمع کروانے کے قابل نہیں ہوتے اور وہ اس طرح اپنے نمبر چیک کرنے سے قاصر ہوتے ہیں آپ سے درخواست ہے ایک تو اس کی فیس ختم کی جائے دوسرا جس پیپر میں غلطی نکلے اس پیپر چیکر کو قرار واقعی سزا دی جائے اور نشان عبرت بنایا جائے تاکہ بچوں کے مستقبل کے ساتھ اس طرح کا کھلواڑ نہ ہو سکے۔ جس کا سوال ٹھیک تھا اس بچی نے میڈیکل میں داخلہ لینا تھا لیکن مجبوراً اسے پھر میڈیکل چھوڑ کر دوسری فیلڈ اختیار کرنی پڑی جس میں اس کا انٹرسٹ نہیں تھا اب وہ ساری زندگی اسی فیلڈ میں اپنا وقت گزارے گی اور پیپر چیک کرنے والے کی جان کو روئے گی بددعائیں دے گی اور اس کے علاوہ وہ کر بھی کیا سکتی ہے۔ یہ پاکستان کی ایک ہونہار طلبہ کا روشن مستقبل ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ غیر متعلقہ ٹیچرز کا مسئلہ بھی بہت بڑا مسئلہ ہے مبینہ طور پر بورڈ کے اندر بعض ٹیچرز متعلقہ مضامین کی بجائے غیر متعلقہ مضامین کے پیپر چیک کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر کیمسٹری کے پیپر کو میتھ کا ٹیچر چیک کر رہا بیفرکس کے پیپر کو اردو کا ٹیچر چیک کر رہا ہے اس سے مارکنگ میں معیار برقرار نہیں رہتا اور طلبہ کے حق پر ڈاکہ پڑتا ہے۔ ضروری اصلاحات اور پالیسی کی سفارش: محترمہ مریم نواز صاحبہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنے وزیر تعلیم رانا صاحب سے کہیں کہ پنجاب کے تمام بورڈز میں درج ذیل اصلاحات فوری طور پر ہنگامی بنیادوں پر کی جائیں: متعلقہ مضمون کے استاد ہی پیپر چیک کریں تاکہ علم اور معیار کے مطابق نمبر دیے جائیں۔ چیک اینڈ بیلنس کا نظام مضبوط کیا جائے تاکہ اگر کوئی استاد نمبر صحیح نہ دے یا نمبر کم دے تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ ریکنگ میں مکمل جائزہ لیا جائے، نہ کہ صرف ری کاؤنٹنگ پر ہر سوال کو دوبارہ چیک کیا جائے تاکہ ہر طالب علم کو اس کا حق ملے۔ شفاف شکایتی نظام قائم کیا جائے، تاکہ والدین اور طلبہ اپنی شکایت فوری طور پر درج کروا سکیں۔ پالیسی سازی: اس معاملے پر ایک مضبوط پالیسی بنائی جائے تاکہ بورڈ کے اندر یہ خامیاں دوبارہ نہ دہرائی جائیں اور کارکنان محتاط رہیں۔ آخر پر محترمہ مریم نواز صاحبہ، آپ نے پنجاب میں گورننس کے حوالے سے بہت اچھا کام کیا ہے اور متعدد شعبوں میں شفافیت اور معیار قائم کیا ہے۔ تعلیم کے شعبے میں بھی اسی طرح نظرثانی ضروری ہے تاکہ پنجاب کے بچے اور بچیاں اپنے مستقبل کے فیصلے بورڈ کی لاپرواہی کی بھینٹ نہ چڑھائیں۔ یہ اصلاحات نہ صرف تعلیمی معیار کو بہتر بنائیں گی بلکہ بچوں کے حق میں انصاف کو یقینی بنائیں گی۔

☆☆☆☆

# بلوچستان میں امن کیسے ممکن ہے



تحریر۔۔۔محمد ریاض انجم

بلوچستان میں حالیہ خونریزی کے بعد ریاست کی جانب سے روایتی بیانیہ سامنے آیا ہے کہ 145 دہشت گرد مار دیے گئے۔ ٹھیک ہے، مان لیا! لیکن کیا اس سنگین معاملے کو صرف "دہشت گردی" کی گردان کر کے دفن کیا جا سکتا ہے؟ یہ معاملہ اتنا سادہ نہیں جتنا دکھایا جا رہا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ریاست ان سوالات کا سامنا کرے جن سے وہ ہمیشہ بھاگتی آئی ہے۔ پہلا سوال تو یہ ہے کہ کیا مارے جانے والے تمام افراد واقعی دہشت گرد تھے؟ کیا بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کا وہ پڑھا لکھا پروفیسر بھی دہشت گرد تھا؟ یا وہ ایک ایسا شخص تھا جو برسوں کے ریاستی جبر، جبری گمشدگیوں، بے انصافی اور تذلیل کی چکی میں پسنے کے بعد اندر سے ٹوٹ چکا تھا؟ ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ ہر بندوق اٹھانے والا پیسے کے لیے نہیں مرتا اور ہر مرنے والا "را" کا ایجنٹ نہیں ہوتا۔ اس حقیقت سے انکار دراصل اصل مسئلے سے فرار ہے۔ حیرت انگیز منطق یہ ہے کہ 145 افراد کو مار کر سمجھا جا رہا ہے کہ کہانی ختم ہو گئی۔ اصل سوال تو یہ ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں لوگ مرنے کے لیے تیار کیوں ہیں؟ کیا کوئی خاندان اپنے بیٹوں، بھائیوں اور شوہروں کی لاشیں صرف چند روپوں کے عوض قبول کرنے پر تیار ہو سکتا ہے؟ ریاست کو سمجھنا ہوگا کہ اصل مسئلہ صرف "فتنہ الہندوستان" نہیں، بلکہ وہ محرومیاں ہیں جو خود ریاست نے پیدا کیں۔ جبری گمشدگیاں، اجتماعی سزائیں، تحقیر، اور مقامی لوگوں کو ان کے اپنے ہی وسائل سے بے دخل کر کے اجنبی بنا دینا ہی وہ بارود ہے جو وقفے وقفے سے پھٹتا ہے۔ ایک اہم پہلو سیکورٹی کی ناکامی کا بھی ہے۔ درجن بھر مقامات پر بیک وقت حملے بغیر مضبوط کوآرڈینیشن کے ممکن نہیں ہو پاتے۔ جب یہ سب ہو رہا تھا تو ہماری سیکورٹی فورسز اور انٹیلیجنس ایجنسیاں کہاں تھیں؟ وہ "نمبر ون" کارکردگی کے دعوے اس وقت کہاں روپوش تھے؟ ریاست اگر یہ سمجھتی ہے کہ ہر لاش کے ساتھ مسئلہ دفن ہو جاتا ہے تو یہ ایک خطرناک خوش فہمی ہے۔ بندوق سے لاشیں تو گنی جا سکتی ہیں، سوچ کو نہیں مارا جا سکتا۔ طاقت کے زور پر خاموشی تو خریدی جا سکتی ہے، لیکن پائیدار امن نہیں۔ لاشیں دفن ہو جاتی ہیں، مگر ان کے پیچھے رہ جانے والا غصہ اور محرومی اگلی نسلوں میں منتقل ہو جاتی ہے۔ جب تک بلوچستان کو صرف ایک "سیکیورٹی مسئلہ" سمجھا جاتا رہے گا اور اسے سیاسی، سماجی اور انسانی زاویے سے تسلیم نہیں کیا جائے گا، یہ آگ بجھنے والی نہیں۔ یہ خاموشی کے نیچے سلگتی رہے گی اور بار بار بھڑکتی رہے گی۔ خونریزی روکنے کا واحد راستہ یہ ہے کہ حقیقت کو تسلیم کیا جائے، فوری طور پر بامعنی مکالمہ شروع کیا جائے اور انصاف ہوتا ہوا نظر آئے۔ ورنہ یاد رکھیں، جتنا دیر ہوگی، اتنا ہی زیادہ خون بہے گا

# یوم یکجہتی کشمیر تجدید عہد کا دن

تحریر۔شیخ محمد انور ریلویز
sheikhmanwar@gmail.co

پاک وطن کی میں شہ رگ ہوں اس کے نام سے میں دو جگ ہوں پاک زمیں سے نہ میں الگ ہوں پاکستان کی میں تقدیر، نام میرا جموں کشمیر یوم کشمیر پاکستان میں قومی تعطیل کا دن ہے اس دن پاکستانی حکومت و عوام مقبوضہ کشمیر کی آزادی اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کرتی ہے قائداعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا یہ شہ رگ ہندوبنیے کے قبضے میں ہے اس کو آزاد کروانا تمام امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے پاکستان 5 فروری کو منقسم کشمیر کے سبھی حصوں میں بسنے والے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا دن مناتا ہے یہ دن منانے کا سلسلہ گزشتہ کئی سال سے بلاتعطل جاری ہے جس میں پاکستان اور دنیا کے کئی ممالک میں بسنے والے پاکستانیوں کی سیاسی اور مذہبی جماعتیں احتجاجی جلسے منعقد کرتی ہیں اور سرکاری سطح پر تقریبات کا انعقاد ہوتا ہے مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود سب سے پرانا تنازعہ ہے کشمیر میں ہزاروں افراد کالے قوانین کے تحت مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں مقبوضہ علاقہ میں تحریک آزادی کے بعض کارکنوں کو موت اور عمر قید کی سزائیں سنائی جا چکی ہیں کشمیریوں کو انسانی حقوق کی پامالیوں اور ظلم و زیادتیوں کا نشانہ بنا کر خوفزدہ نہیں کیا جا سکتا کشمیری عوام کا یہ عزم ہے کہ وہ بھارت کے گھناؤنے اقدامات کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور وہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنی جدوجہد آزادی کو منزل کے حصول تک جاری رکھیں گے جبکہ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاکستان تجدید عہد کرے گا کہ وہ کشمیریوں کی جائز اور مبنی بر صداقت جدوجہد آزادی کا ساتھ دیتا رہے گا پاکستان بھر میں یوم یکجہتی کشمیر پہلی بار 1990 میں سرکاری سطح پر منایا گیا جو اب ایک روایت بن چکی ہے جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد مرحوم نے وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد نواز شریف کی مشاورت سے کشمیر میں مسلح عسکری تحریک کی حمایت کا اعلان کیا اور 5 فروری 1990 کو یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منانے کا اعلان کر دیا پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت کشمیر کے معاملے پر پہلے ہی اپوزیشن کے نشانے پر تھی لہٰذا وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو نے بغیر تاخیر اس اعلان کی تائید کی اور آنے والے سالوں میں پانچ فروری کو یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منانے کا باقاعدہ سلسلہ شروع ہو گیا اس روز پوری دنیا یہ منظر دیکھتی ہے کہ پاکستانی قوم بڑے شہروں سے لے کر چھوٹی چھوٹی بستیوں تک اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہی ہوتی ہے یہ یوم یکجہتی قاضی حسین احمد رحم اللہ علیہ کا ایک صدقہ جاریہ ہے اللہ ان کو اس کا بہترین اجر عطا فرمائے اس یوم کے تعین کے لئے جن لوگوں نے سوچ بچار کی اور جنہوں نے اس کے لئے دستِ تعاون بڑھایا ان سب کا یہ عمل باعث اجر ہے جو جتنے اخلاص کے ساتھ مظلوم کشمیری بھائیوں کے لئے کام کرے گا اتنا ہی اللہ کے ہاں اجر کا مستحق ہوگا پاکستان نے کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی ہمیشہ سیاسی، اخلاقی اور سفارتی سطح پر بھرپور حمایت کی ہے پاکستان کا یہ اصولی موقف ہے کہ مسئلہ کشمیر کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق اقوام متحدہ کی قراردادوں

بقیہ "عوامی دنیا" 1

تجارت کے فروغ کیلئے بی ٹی بی اور بی ٹی وی ملاقاتیں' تجارتی وفود اور نمائشوں کا انعقاد ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے روانڈا کے ہائی کمشنر ہر ریمانا اور ان کے وفد کا گوجرانوالہ چیمبر میں دورے کے دوران کیا اس موقع پر روانڈا کے ہائی کمشنر نے کہا کہ صدر علی ہمایوں کی متحرک قیادت اور گوجرانوالہ کی صنعتی برادری کی محنت سے یہ شہر پاکستان کا صف اول کا صنعتی مرکز بن چکا ہے اور ایسی قیادت کے ساتھ گوجرانوالہ چیمبر ہر ہدف حاصل کر سکتا ہے انہوں نے کہا کہ انہوں نے پاکستان کے کئی چیمبرز کا دورہ کیا مگر گوجرانوالہ چیمبر نمایاں اور سرفہرست ہے 'مختلف ممالک کے سفارتی نمائندوں کی اس شہر میں آمد اس کی بے پناہ تجارتی صلاحیت کا ثبوت ہے 'ہائی کمشنر نے کہا کہ روانڈا افریقہ کا گیٹ وے ہے جہاں زیرو کرپشن پالیسی 'ویزا آن ارائیول 'آسان کاروباری قوانین 'فری انڈسٹریل زونز اور سرمایہ کاروں کیلئے متنوع مراعات دستیاب ہیں ہم پاکستان خصوصاً گوجرانوالہ کے ساتھ تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے روانڈا کی کافی پاکستان متعارف کرانے جی سی سی آئی کے وفد کو روانڈا کے دورے کی دعوت دینے اور مشترکہ سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے کی پیشکش بھی کی 'انکی آمد پر صدر چیمبر علی ہمایوں بٹ 'نائب صدر سعد جمیل عرفانی' سینئر اور ایگزیکٹو ممبران نے ہائی کمشنر اور ان کی ٹیم کا استقبال کیا اور ان کے دورے کو پاک روانڈا تجارتی تعلقات کیلئے خوش آئند قرار دیا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 2

مقدمے میں ملزم محمد یونس کی ضمانت پر رہائی کی درخواست مسترد کر دی، اس حوالے سے لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس تنویر احمد شیخ نے ملزم کی درخواست ضمانت پر چھ صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ دودھ ایک مکمل غذا اور مکمل مشروب کے طور پر استعمال ہوتا ہے جو ہڈیوں کی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا اور فرٹیکچر کے امکانات کو کم کرتا ہے جبکہ مصنوعی دودھ، جسے میٹھا زہر بھی کہا جاتا ہے، درحقیقت دودھ نہیں بلکہ قدرتی دودھ کی ایک خطرناک مصنوعی نقل ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ دودھ کی مقدار بڑھانے کے لیے انتہائی درجے کی ملاوٹ کی جاتی ہے، مصنوعی دودھ اگرچہ فوری طور پر جان لیوا ثابت نہیں ہوتا، تاہم آہستہ آہستہ انسانی جسم کو بیماریوں کے لیے ایک زرخیز زمین بنا دیتا ہے، مصنوعی دودھ انسانی صحت کو شدید نقصانات پہنچاتا ہے اور یہ حاملہ خواتین، بچوں اور دل کے امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے خاص طور پر خطرناک ہے۔ عدالت نے کہا کہ موجودہ مقدمے میں مجموعی طور پر پانچ سال قید کی سزا مقرر ہے اور اگرچہ عام طور پر ایسے مقدمات میں ضمانت منظور ہو جاتی ہے، تاہم سپریم کورٹ کے متعدد فیصلے موجود ہیں جن کے مطابق ہر کیس میں ضمانت دینا لازم نہیں، ہر مقدمہ اپنے مخصوص حالات و واقعات کی روشنی میں جانچا جانا ضروری ہے اور غیر معمولی حالات میں عدالت ضمانت دینے سے انکار کر سکتی ہے۔ فیصلے میں واضح کیا گیا کہ جعلی، مصنوعی اور غیر معیاری دودھ تیار اور ترسیل کرنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں، موجودہ مقدمے کے حالات ایک نہایت خوفناک تصویر پیش کرتے ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم ملاوٹ شدہ دودھ تیار نہیں کر رہا تھا، اس لیے اس کا کیس فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے زمرے میں نہیں آتا اور اس کے خلاف عائد دیگر دفعات قابلِ ضمانت ہیں تاہم عدالتی ریکارڈ کے مطابق ملزم کو گاڑی/ٹینکر کے ذریعے ایک مقام سے دوسرے مقام پر مصنوعی دودھ لے جاتے ہوئے گرفتار کیا گیا، جو ملاوٹ شدہ دودھ کی ترسیل کے زمرے میں آتا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ ملزم کا کیس فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے تحت بنتا ہے، لہٰذا اس کی درخواست ضمانت مسترد کی جاتی ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 3

لکیریں کھینچ دی جاتی ہیں۔ یہ وہ رات ہے جب گناہوں کے بوجھ تلے دبے وجود ہلکے ہو جاتے ہیں، ماضی کی لغزشیں معاف ہو جاتی ہیں اور زندگی کو نئی سمت عطا کی جاتی ہے۔ ان حالات کا اظہار راجہ پٹرولیم کے چیف ایگزیکٹو راجہ رب نواز گجر خانی نے شب برات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا، ان کا مزید کہنا تھا کہ شب برات انسان کو یاد دلاتی ہے کہ رب کی رحمت اس کے غضب پر ہمیشہ غالب رہتی ہے۔ جو ہاتھ اس رات اٹھتے ہیں وہ خالی نہیں لوٹتے، جو زبان معافی مانگتی ہے وہ رد نہیں کی جاتی اور جو دل پلٹ آنے کا فیصلہ کر لے، اس کے لیے رب خود راستے آسان فرما دیتا ہے۔ یہ رات صرف عبادت کی نہیں، خود احتسابی، توبہ، شکر اور امید کی رات ہے۔ شب برات ہمیں سکھاتی ہے کہ اندھیری راتوں کے بعد اجالا ضرور آتا ہے اور جو رب پر یقین رکھے، اس کے لیے ناممکن کچھ بھی نہیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 4

، دونوں ممالک کے درمیان میری ٹائم کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، ٹرانزٹ ٹریڈ کے معاہدے کی دستاویز کا بھی تبادلہ کیا گیا، دونوں ممالک کے درمیان کسٹم کے شعبے میں تعاون سے متعلق معاہدے کی دستاویز کا بھی تبادلہ ہوا، ریلوے کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت کا بھی تبادلہ کیا گیا۔ پاکستان اور قازقستان کے درمیان پلانٹ پروٹیکشن اور ویٹرنری کے شعبوں میں تعاون اور صحت کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ کیا گیا، دونوں ملکوں کے درمیان مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ترقی کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا۔ اس کے علاوہ اے پی پی اور قازقستان کے سرکاری ٹی وی کے درمیان تعاون کا بھی معاہدہ کیا گیا، موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کا بھی معاہدہ ہوا، دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا بھی تبادلہ کیا گیا۔ مالیاتی نظم ونسق و بینکنگ کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، دونوں ملکوں کے درمیان ثقافت کے سبے میں تعاون کا معاہدہ ہوا، لاجسٹک کے شعبے میں بھی تعاون کے معاہدے کی دستاویز کا تبادلہ کیا گیا، دونوں ملکوں کے درمیان ورچوئل اثاثوں کے شعبے اور بندرگاہوں کے شعبے میں تعاون کی دستاویز کا تبادلہ ہوا۔ مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کو عملی شکل دینے کیلئے پرعزم ہیں: وزیراعظم شہباز شریف دونوں ممالک کے درمیان مختلف معاہدوں کی مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اپنے بھائی صدر قازقستان اور ان کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہیں، دورہ دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی جہت دینے کیلئے بہت اہم ہے، قازقستان کے کسی صدر نے 23 سال بعد پاکستان کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر قاسم جومارت توکایوف کے ساتھ تعمیری اور مثبت گفتگو ہوئی، طے پانے والی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کو عملی شکل دینے کیلئے پرعزم ہیں، معاہدوں کے حقیقت کا روپ دھارنے سے معاشی اور ثقافتی تعاون میں اضافہ ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ میں امن کی بحالی اور تعمیر نو کیلئے بورڈ آف پیس اہم فورم ہے، دعا گو ہوں کہ غزہ میں مستقل امن ہو اور خوشحالی آئے، پاکستان اور قازقستان غزہ بورڈ آف پیس کے بھی رکن ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں اضافے کے بہت مواقع ہیں، ایک سال میں دوطرفہ تجارت کو ایک ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف ہے، صدر قازقستان کیلئے نشان پاکستان کا اعزاز قریبی تعلقات کا عکاس ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ مشترکہ کوششوں سے اقتصادی اور تجارتی تعاون کے اہداف حاصل کریں گے، پاکستان اور قازقستان توانائی کے شعبے میں بھی تعاون کو مزید فروغ دے سکتے ہیں، شراکت داری کو فروغ دیتے ہوئے تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ تجارتی ہدف حاصل کرنے کیلئے مل کر آگے بڑھیں گے: صدر قازقستان قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف نے کہا کہ شاندار استقبال اور مہمان نوازی پر حکومت پاکستان اور عوام کا مشکور ہوں، پاکستان قازقستان کا قابل اعتماد شراکت دار ہے، دوست ملک پاکستان کے دورے پر بہت خوشی ہوئی، دونوں ممالک مشترکہ اقدار اور روایات کے امین ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مشترکہ اعلامیہ اور معاہدے دوطرفہ تعلقات کے حوالے سے اہمیت کے حامل ہیں، دونوں ممالک کے تعلقات مضبوط بنانے میں وزیراعظم شہباز شریف کا کردار اہم ہے، خطے میں امن وامان کیلئے پاکستان کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دفاع کے شعبے میں بھی پاکستان کی ترقی عالمی سطح پر تسلیم کی جاتی ہے، وزیراعظم شہباز شریف سے بہت مثبت اور تعمیری بات چیت ہوئی، ایک ارب ڈالر کا تجارتی ہدف حاصل کرنے کیلئے مل کر آگے بڑھیں گے، دونوں ممالک کے درمیان تجارت ومعیشت کے شعبے میں تعاون کو فروغ مل رہا ہے۔ قازقستان کے صدر کا کہنا تھا کہ پاکستان کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعظم شہباز شریف سے ٹرانزٹ ٹریڈ، کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے استعمال پر گفتگو ہوئی، دونوں ممالک کے درمیان فضائی روابط بھی بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ قاسم جومارت توکایوف نے کہا کہ پیداواری شعبے میں پاکستان کو پروڈکشن پلانٹ لگانے کی دعوت دیتے ہیں، اسلامک فنانس میں بھی پاکستان کا اہم مقام ہے، اسلامک فنانسنگ کے شعبے میں تعاون پر اضافہ چاہتے ہیں، سائنس، تعلیم اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے، بات چیت کے ذریعے مسائل کے حل پر یقین رکھتے ہیں، یہ دورہ دونوں ممالک کے تعلقات میں نئے باب کا آغاز ہے۔ قازقستان کے صدر نے وزیراعظم شہباز شریف کو قازقستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔ قازقستان کے صدر کے اعزاز میں استقبالیہ، گارڈ آف آنر پیش قبل ازیں قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف کے اعزاز میں وزیراعظم ہاس میں پروقار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جہاں انہیں گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا۔ وزیراعظم ہاس پہنچنے پر محمد شہباز شریف نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا، دونوں رہنماں کے درمیان مصافحہ اور خوشگوار جملوں کا تبادلہ ہوا، تقریب کے آغاز پر دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے، مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے کی جانب سے قازقستان کے صدر کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے قازقستان کے صدر کو کابینہ ارکان کا تعارف کرایا، صدر قازقستان نے بھی اپنے وفد کو وزیراعظم شہباز شریف کا تعارف کرایا۔ بعدازاں صدر قازقستان نے وزیراعظم ہاس کے احاطے میں یادگاری پودا بھی لگایا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 5

یتیم بچوں کے لیے اے ایف این آرفن کیئر ہوم فلاحی کا قیام قابل تحسین ہے۔ ان خیالات ایم این اے بلال فاروق تارڑ اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے اے ایف این آرفن کیئر ہوم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد جواد حسین پیرزادہ، ڈائریکٹر عدنان محمود گجر، محمد افضل بٹ، جنید اقبال، سابق تحصیل نائب ناظم میر ماجد علی سالار، میر امجد علی سالار، حاجی محمد شفیق، امتیاز اظہر باگڑی، سابق وائس چیئرمین ارسلان بلوچ، عامر مشتاق چوہدری، وقار نثار و دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی مخیر حضرات کے تعاون سے 50 یتیم بچوں کے لیے ابتدائی سیٹ اپ قائم کر دیا گیا ہے جو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے، اے ایف این آرفن کیئر ہوم میں زیر تعلیم بچوں کو مفت تعلیم، آمد و رفت کی سہولت، رہائش، معیاری کھانا مہیا کیا جا رہا ہے، انتظامیہ ہر ممکن آرفن کیئر سنٹر کے لئے بہتر اقدامات کرے گی، یہ قدم معاشرے کے کمزور طبقات کی کفالت اور روشن مستقبل کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہے، عدنان محمود گجر اور محمد افضل بٹ کے اس عظیم مشن میں عوام الناس شامل ہوں اور بچوں کے چہروں پر خوشی لانے کا ذریعہ بنیں اے ایف این آرفن کیئر ہوم نہ صرف یتیم بچوں رہائش فراہم کرے گا بلکہ انہیں دینی و دنیاوی تعلیم، اخلاقی تربیت اور نفسیاتی سکون میسر کرے گا۔ وزیرآباد میں اے ایف این کا قیام قابل تحسین ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 6

ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ ضلع اٹک سمیت پورے پنجاب میں پیپلز پارٹی کا گراف دن بدن بڑھتا چلا جا رہا ہے اس کی وجہ صرف پیپلز پارٹی کے ورکروں کی آپس میں خود اعتمادی ہے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ضلع اٹک میں پارٹی کی تنظیمی فعالیت، عوامی رابطہ مہم اور سیاسی استحکام میں دونوں شخصیات کو اس عہدے سے نوازا اور ہم امید کرتے ہیں کہ وہ اپنے عہدے کو عوامی خدمت میں نچھاور کر کے تمام تر محرومیوں کا ازالہ کریں گے، وہ پیپلز پارٹی کا بہت قیمتی اثاثہ ہیں جو عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک مرتبہ پھر عوام کے لیے روشنی کی کرن بن کر ابھری گی، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے تقریباً 35 غریب گھرانوں کی بیٹیوں کے سر پر ہاتھ رکھا اور ان کی شادی کروا کر یہ ثابت کر دیا کہ وہ اب بھی عوامی نمائندے ہیں اور انشاءاللہ تمام پیپلز پارٹی کے کارکنان ان کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے سفید پوش گھرانوں کی بیٹیوں کو رخصت کروائیں گے، کوئی بھی باپ، ماں اگر اپنی بیٹی کی شادی نہ کروا سکتی ہوں تو وہ کسی بھی پیپلز پارٹی کے دفتر میں بلا جھجک آ کر بتا سکتی ہیں انشاءاللہ پاکستان پیپلز پارٹی انہیں کبھی مایوس نہیں ہونے دے گی۔

بقیہ "عوامی دنیا" 7

ٹ لیے، تفصیل کے مطابق یہ واقعہ دو روز قبل اس وقت پیش آیا جب محلہ محمد خان عباسی کی رہائشی شاہنواز عباسی کی اہلیہ )الف (بی بی گھر میں اکیلی موجود تھیں۔ اسی دوران دو نامعلوم برقعہ پوش خواتین گھر میں داخل ہوئیں اور باتوں میں الجھا کر خاتون کو زدو کوب کیا اور نشہ آور رومال سونگھا کر خاتون خانہ کو نیم بے ہوش کر دیا اور اس کے ہاتھوں سے طلائی انگوٹھی اور کانوں سے بالیاں اتار کر موقع سے فرار ہو گئیں۔ واقعے کے بعد متاثرہ خاتون کے ہوش میں آنے پر شور مچانے سے اہلِ محلہ جمع ہو گئے، تاہم نوسر باز عورتیں اس سے قبل ہی چکمہ دے کر فرار ہونے میں کامیاب ہو چکی تھیں۔ علاقہ مکینوں نے اس واردات گہری تشویش کا اظہار کیا ہے

بقیہ "عوامی دنیا" 8

نہتے شہریوں کو بھارتی فوج اپنے ظلم کا نشانہ بنا رہی ہے ہم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کیساتھ ہیں اور ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ کشمیری قائدین کی جدوجہد اور معصوم بچوں کی بہادری اور جرات کو سلام پیش کرتے ہیں اور معصوم کشمیری بچوں اور خواتین پر بھارتی مظالم کی مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 9

صاحب، سابق کونسلر حاجی خضر صاحب، ملک مدثر نواز صاحب، ڈاکٹر فاروق منیر صاحب، سردار محمد علی، کوآرڈینیٹر پی پی 0 2 کامران خاکی صاحب، آفتاب طالبی صاحب، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری محمد صدیق اعوان صاحب، میڈیا کوآرڈینیٹر بابر جاوید مغل صاحب، سینئر نائب صدر سٹی یاسر سلیم صاحب اور میڈیا کوآرڈینیٹر خان نوید آفتاب گجر صاحب نجصوصی شرکت کی۔ مقررین نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ لیپ ٹاپ اسکیم جیسے اقدامات طلبا و طالبات کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں روشن مستقبل کی جانب گامزن کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر طلبا و طالبات نے خوشی اور جوش کا اظہار کرتے ہوئے گورنر پنجاب کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ان سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے تعلیم، تحقیق اور ترقی کے میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کریں گے۔ آخر میں معزز مہمانان نے اس امید کا اظہار کیا کہ تعلیم کے فروغ کے لیے ایسے عملی اقدامات مستقبل میں بھی جاری رہیں گے، تاکہ پاکستان کا نوجوان باصلاحیت اور خود کفیل بن سکیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 10

جی پنجاب تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری ہوا ہے جبکہ راجہ رفعت مختار کو نارکوٹکس کنٹرول ڈویژن میں تعینات کر دیا گیا ہے، راعبدالکریم ایڈیشنل آئی جی آپریشن برانچ تعینات تھے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 11

مطالبہ کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر پر اپنی بند آنکھیں کھولیں، کشمیری عوام کو حقِ استصواب رائے سے مزید محروم نہ رکھا جائے، کشمیریوں کو حق خودارادیت دلوانا اقوام متحدہ کی ذمہ داری ہے جو اسے پوری کرنی چاہیے اور وادی کشمیر سے 9 لاکھ بھارتی مسلح افواج کو فوری طور پر بے دخل کیا جائے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے الحاج مولانا اکبر نقشبندی حافظ محمد رفیق رضوی انشا شاہد بٹ زدہ محمد عطا اللہ رضوی علامہ عطا المصطفیٰ جمیل چشتی چوہدری محمد عمر سلیم گجر صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی صاحبزادہ محمد عدیل عارف مہر علامہ محمد فیاض الحسن صدیقی علامہ اظہر حسین فاروقی علامہ محمد طالب حسین مجددی علامہ ادریس جلالی محمد شاہزیب چٹھہ محمد رضوان گل ایڈووکیٹ میاں فرحان سرفراز ایڈووکیٹ میاں محمد حسان ایڈووکیٹ قاری محمد علی اکبر کیلانی علامہ حمزہ رضوی علامہ محمد ضیا مرتضیٰ چشتی ڈاکٹر عبدالرشید انصاری پروفیسر شہزاد لارنس نے کہا کہ حریت رہنما یاسین ملک سمیت ہزاروں مرد اور مسلمان کشمیری خواتین بے گناہ قیدیوں کو فوری رہا کیا جائے، مسلمان کشمیری خواتین کی عصمت دری اور بے حرمتی، پیلٹ گنز کے استعمال اور نوجوانوں کی بڑے پیمانے پر گرفتاریوں نے اقوام متحدہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ مقررین نے کہا کہ بھارتی افواج کا ظلم کشمیری نوجوانوں میں "شہید برہان وانی" کے فکر ونظریے کو مزید تقویت دے رہا ہے، جبکہ مقبوضہ کشمیر کی کشیدہ صورتحال دنیا کو بدامنی کی بندگلی کی طرف دھکیل رہی ہے جس کے نتائج تباہ کن ہو سکتے ہیں۔ قائدین نے مطالبہ کیا کہ مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق فوری حل کیا جائے اور پاکستان مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے عملی جہاد کا اعلان کرے۔ مقررین نے واضح کیا کہ پاکستان کے عوام کشمیریوں کی آزادی اور خودمختاری تک سیاسی و سفارتی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ آخر میں اقوام متحدہ، سلامتی کونسل اور انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل میں اپنا فوری اور کلیدی کردار ادا کریں اور دہائیوں سے جاری بھارتی تسلط کا خاتمہ یقینی بنائیں۔

بقیہ "عوامی دنیا" 12

ہیکہ سیف الاسلام قذافی کی شہادت معمر قذافی کے خلاف استعمار کی بغاوت کا تسلسل ہے۔ جاری مذمتی بیان کے مطابق جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ قذافی خاندان امریکہ اور عالمی جابروں کے خلاف جدوجہد کا استعارہ ہے۔ قذافی خاندان عالمی استعمار کے خلاف مزاحمت کے جرم میں شہید کیا گیا۔ جیسا کہ امریکہ میں کینڈی خاندان، انڈیا میں نہرو خاندان اور پاکستان میں بھٹو خاندان کو ختم کیا گیا ہے۔ اللہ کریم سیف الاسلام قذافی کی شہادت کو قبول فرمائے۔ سیف الاسلام قذافی کی شہادت سے استعمار کے خلاف جدوجہد کو جلا ملے گی۔ قذافی خاندان اور لیبیا کے عوام سے تعزیت کرتا ہوں۔ اللہ کریم شہادت کو قبول فرمائے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 13

معاشرے کا ناسور ہیں جن کے خاتمے کے لئے بھرپور آپریشن جاری رہے گا، ڈی پی او محمد صہیب اشرف ڈی پی او سرگودھا کی انوسٹیگیشن اور لیگل ٹیموں کو کو مقدمہ کو منطقی انجام تک پہنچانے پر شاباش دی ہے

بقیہ "عوامی دنیا" 14

ہے کہ ایف آئی اے کی ٹیم نے نوکریوں کا جھانسہ دیکر نوجوانوں کو کمبوڈیا میں فروخت کرنیوالا گروہ گرفتار کیا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ چھ ملزمان پر مشتمل گروہ ہے، ملزمان آن لائن سوشل میڈیا پر بیرون ملک نوکریوں کا اشتہار دیتے اور پیسے لیکر نوجوانوں کو کمبوڈیا لیجاتے، چار ملزمان فیصل اور سب ایجنٹس پاکستان کے مختلف شہروں میں یہاں سے لوگوں کو اپنے جال میں پھنساتے، کمپیوٹر سکلز رکھنے والے نوجوانوں کو سلیکٹ کر لیا جاتا، ملزمان ایک طرف تو باہر جانیوالے شخص سے ویزے کے پیسے لیتے اور جب یہ لوگ کمبوڈیا پہنچتے تو وہاں بیٹھے مظہر اور عباس ان کو ریسیو کرتے اور پھر آن لائن اسکیم کرنیوالی کمپنیوں کے ہاتھوں ان لوگوں کو بیچ دیا جاتا تھا، ملزمان فی کس دو ہزار ڈالر تک وصول کرتے تھے ،اسکیم کمپنی اس نوجوان کو قیدی بنا کر اس سے فراڈ کرنے کا کام کرواتی، جو کام کرنے سے انکار کرتا اس پر مبینہ تشدد کیا جاتا ،ذرائع کا کہنا ہے کہ جو ملزمان کمبوڈیا سے واپس آنے پر گرفتار ہوئے ہیں، انہوں نے دل دہلا دینے والے انکشافات کیے ہیں ان کے مطابق صرف کمبوڈیا میں اس وقت ایسی صورتحال میں پھنسے ہوئے پاکستانیوں کی تعداد ایک لاکھ تک ہے، ان لوگوں کے پاسپورٹ ان کمپنیوں کے پاس ہیں اور وہ وہاں پر قیدی کی حیثیت میں فراڈ کرنے کا کام کر رہے ہیں، ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ یہ گروہ اب تک ایک سو پاکستانیوں کو فروخت کر چکا ہے جن سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ اس حوالے ایف آئی اے حکام کچھ بھی بتانے سے گریزاں ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 15

سلیم حیدر خان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے حلقے کے عوام کی بھرپور خدمت کر رہے ہیں حلقے کے نوجوان علاقے کی تعمیر و ترقی خوشحالی اور روشن مستقبل کیلئے پیپلز پارٹی میں شامل ہو کر سردار فیضان حیدر خان کے دست و بازو بنیں ان خیالات کا اظہار امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل ملال سردار حسیب خان آف ملال نے اپنے ایک بیان میں کیا انھوں نے کہا کہ سردار فیضان حیدر خان حلقہ این اے 50 سے قومی اسمبلی کیلئے پارٹی کے امیدوار ہیں بہترین اور موثر عوامی رابطہ مہم اور عوام کی بے لوث اور بلا امتیاز خدمت لوگوں کے دکھ سکھ میں شرکت ان اجتماعی اور انفرادی مسائل و مشکلات کے حل کیلئے کوشاں رہتے ہیں نوجوانوں میں بے حد مقبول ہیں پارٹی کو حلقے میں منظم اور مضبوط بنانے کیلئے بھرپور محنت کر رہے ہیں ان کی عوامی خدمات کی وجہ سے اٹک کے عوام بالخصوص نوجوان طبقہ جوق در جوق پیپلز پارٹی میں شامل رہا ہے آئندہ الیکشن میں سردار فیضان حیدر خان بھرپور اور پوری عوامی قوت سے میدان میں اتریں گے اور پہلا الیکشن ہی عوام کی حمایت اور تائید سے بھاری اکثریت سے جیت کر اپنے والے کے خدمت کے مشن کو آگے بڑھائیں گے اور ترقی کا جو سفر سردار سلیم حیدر خان کی قیادت میں جاری ہے اس کو مزید آگے بڑھائیں گے لہذا نوجوان طبقہ دھڑے برادری مسلک و مذہب روایتی سیاستدانوں کو مسترد کر کے سردار فیضان حیدر خان کا ساتھ دیں

بقیہ "عوامی دنیا" 16

کیا، ریلوے اور روڈ منصوبوں میں قازقستان کی بڑی سرمایہ کاری سیپانچ ارب ڈالر کی تجارت متوقع ہے، دونوں ممالک نیز زراعت، فوڈ پروسیسنگ، ادویات، ٹیکسٹائل اور معدنیات کیشعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا، اس کے علاوہ بزنس ٹو بزنس روابط کے فروغ اور تجارتی وفود کے تبادلے پر بھی زور دیا گیا۔ وزیر تجارت جام کمال خان نے وسطی ایشیا سے براہ راست روابط بڑھانے اور دوطرفہ معاشی تعلقات کو امکانات سے عملی نتائج میں بدلنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ "عوامی دنیا" 17

کیا، چیئرمین کے اس اقدام سے جیالوں میں خوشی کی لہر دوڑ چکی ہے اور ان کے حوصلے مزید بلند ہوئے ہیں، ان خیالات کا اظہار سینئر نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی اسد خان مہمند نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ ملک ریاست سدھریال کا ضلعی صدر منتخب ہونا پارٹی کے لیے ایک نئی توانائی جیسا ہے، ان جیسا لیڈر پارٹی میں کوئی نہیں ہے جو مخالفین کا ڈٹ کر سامنا کرتے ہیں، ملک ریاست سدھریال نے ہمیشہ سے عوام کی خدمت کو سیاست سے پہلے رکھا، انہوں نے اپنے حلقے میں کئی ترقیاتی کاموں کے لیے اپنے جیب سے خرچہ دیا، ان کی پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے کے بعد پیپلز پارٹی کا گراف دن بدن بڑھتا چلا رہا ہے، اسد خان مہمند نے کہا کہ ملک ریاست سدھریال کی اپنے حلقے کے لیے کی گئی خدمات کبھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا وہ انہوں نے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 18

کرپشن حکام نے عدالت کو بتایا کہ ملزم سے 30 لاکھ روپے کی ریکوری کر لی گئی ہے عدالت نے اینٹی کرپشن حکام کو حکم دیا کہ ریکوری شدہ رقم عدالت میں پیش کی جائے اینٹی کرپشن حکام نے ریکور شدہ رقم عدالت میں پیش کر دی عدالت کی جانب سے حیدر علی چٹھہ کے ریمانڈ میں مزید پانچ دن کی توسیع کر دی گئی حیدر علی چٹھہ کیخلاف سرکاری خزانے سے سابق ڈپٹی کمشنر کے جعلی دستخط کے ذریعے 12 لاکھ کی رقم خرد برد کا مقدمہ درج ہے۔

بقیہ "عوامی دنیا" 19

جبری گمشدگیاں، پیلٹ گنز کا استعمال اور اظہار رائے پر پابندیاں شامل ہیں۔ عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ کو مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم کا نوٹس لیتے ہوئے اپنی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد دنیا کو یہ پیغام دینا ہے کہ پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑے گی۔ احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیریوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھی جائے گی، مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آزاد اور غیر جانبدار استصواب رائے کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کا مقدمہ عالمی فورمز پر اجاگر کرتا رہے گا اور کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔☆☆☆

بقیہ "عوامی دنیا" 20

ناصر خان شہرائے سعداللہ، ملک حبیب اعوان رہنما تنظیم الاعوان اور دیگر افسران واساتذہ نے شرکت کی معروف سٹیج سیکرٹری وشاعر ڈاکٹر ملک غلام یاسین اطہر نے خوبصورت انداز میں کمپیئرنگ کر کے تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ اس موقع پر چوہدری شفقت محمود کی تعلیم دوستی اور طلبہ کی بہتری کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہا گیا اور انہیں اعزازی شیلڈ پیش کی گئی تقریب کے شرکا نے چوہدری شفقت محمود کی کارکردگی کو سہراہا اور کہا کہ ان کے اقدامات سے سکول میں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے طلبہ کی تعلیم میں بہتری آئی ہے۔ سکول انتظامیہ نے بھی اس عطیے پر ان کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ یہ قدم سکول کو ای لرننگ کے میدان میں مزید آگے لے جائے گا چوہدری شفقت محمود نے اپنے عوام دوست اور تعلیم نواز رویے سے فتح جنگ میں ایک مثبت مثال قائم کی ہے، جو انتظامی افسران کے لیے مشعل راہ ہے اس موقع پر تنظیم الاعوان کے رہنما معروف سماجی شخصیت ملک حبیب اعوان نے سکول کی ضرورت کو مکمل کرنے کیلئے باقی ماندہ 7 ایل ای ڈیز اپنی طرف سے دینے کا اعلان کیا اس اعلان کے بعد سکول کی تمام کلاس میں ایل ای ڈیز لگ جائیں گی اور طلبہ کو جدید تعلیم بذریعہ انٹرنیٹ حاصل کرنے میں آسانی ہوگی امتحانی سنٹر، سکول لیب اور لائب

# 2 ڈویژنز میں 23 سہولت بازار لگانے کا فیصلہ

رمضان المبارک میں گوجرانوالہ میں 13 اور گجرات میں 10 سہولت بازار حکومت پنجاب کا ایک فلاحی منصوبہ ہے جس کا مقصد عوام کو معیاری اشیائے ضروریہ ارزاں نرخوں پر فراہم کرنا ہے ملک محمد افضل کھوکھر

سہولت بازاروں کی مانیٹرنگ میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر سپلائی ' کوالٹی کنٹرول اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پنجاب سہولت بازار اتھارٹی ایم ایم اے ملک محمد افضل کھوکھر اور کمشنر گوجرانوالہ / گجرات ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ رمضان المبارک میں گوجرانوالہ / گجرات ڈویژن میں امسال مجموعی طور پر 23۔سہولت بازار لگائے جائیں گے یہ بات انہوں نے کمشنر دفتر میں منعقدہ ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے رمضان سپورلت بازاروں کے انعقاد، بہتری اور موثر نگرانی کے حوالے سے ڈپٹی کمشنرز کے ساتھ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد بھی ہمراہ موجود تھے جبکہ ڈائریکٹر پنجاب سپولت بازار اتھارٹی روشن ضمیر 'ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق 'ایڈیشنل کمشنر ریونیو نعمان حفیظ 'اے سی آر محمد فرقان 'دیگر افسران اجلاس میں شریک تھے چیئرمین پنجاب سہولت بازار اتھارٹی ملک محمد افضل کھوکھر نے کہا کہ رمضان المبارک میں گوجرانوالہ میں 13 اور گجرات میں 10 سہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

## وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق مظفر گڑھ میں منعقدہ ایک روزہ ہارس اینڈ کیٹل شو کی اختتامی تقریب

جتوئی (ملک مختیار چنڈیر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق مظفر گڑھ میں منعقدہ ایک روزہ ہارس اینڈ کیٹل شو کی اختتامی تقریب میں ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ عثمان طاہر جپہ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید غضنفر علی شاہ اور رکن صوبائی اسمبلی اجمل چانڈیا نے شرکت کی۔تقریب کے دوران نیزہ بازی سمیت مختلف مقابلہ جات میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں اور شرکا میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ نیڈی پی او مظفر گڑھ کے ہمراہ کامیاب شرکا میں نقد انعامات، ٹرافیاں اور موٹر سائیکلیں تقسیم کیں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

## کشمیریوں کے ساتھ ہمارا رشتہ محبت، بھائی چارے اور اخوت کا ہے

کشمیری عوام اپنے قیمتی لہو سے آزادی کی نئی تاریخ لکھ رہے ہیں، چودھری ارشد مسعود ویرکا

کاموںکے (رانا محمد ناصر سے) کشمیریوں کے ساتھ ہمارا رشتہ محبت، بھائی چارے اور اخوت کا ہے، کشمیری عوام اپنے قیمتی لہو سے آزادی کی نئی تاریخ لکھ رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار چیئرمین کاموںکے ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سکولز چودھری ارشد مسعود ویرکا نے اپنے بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ کشمیر کو بھارتی ظلم وجبر سے نکالنے اور خطے میں پائیدار امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہو گیا ہے، خطے میں ترقی اسی صورت ممکن ہوسکتی ہے جب کشمیر کا مسئلہ حل ہو گا۔انہوں نے کہا کہ امن پسند لوگوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

## کشمیری عوام حق خودارادیت کی جدوجہد جاری رکھیں گے

بھارتی جبر وتشدد کے باوجود کشمیر کی آزادی کیلئے مشن جاری رہے گا، چودھری نصر اللہ چیمہ ایڈووکیٹ

کاموںکے (رانا محمد ناصر سے) کشمیری عوام حق خود ارادیت کی جدوجہد جاری رکھیں گے بھارتی جبر وتشدد کے باوجود کشمیر کی آزادی کیلئے مشن جاری رہے گا۔ان خیالات کا اظہار سابق جنرل سیکرٹری تحصیل بار ایسوسی ایشن کاموںکے چودھری نصر اللہ چیمہ ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی حمایت کرتے ہے لیکن بدقسمتی ہے کہ قرارداد کی منظوری اور نصف صدی سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی اقوام متحدہ بھارتی تسلط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

## 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر عزم آزادی کشمیر کے عنوان سے منایا جائیگا، ایم ایس او

ملک بھر میں ریلیاں، احتجاجی مظاہرے، انسانی چین اور شہدائے کشمیر کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا

ٹیکسلا (نمائندہ خصوصی) مرکزی ناظم اطلاعات ونشریات مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان بلال ربانی نے میڈیا کو جاری بیان میں کہا ہے کہ ایم ایس او پاکستان 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کو عزم آزادی کشمیر کے عنوان منائیگی، اسی سلسلے میں ملک بھر میں طلبہ اور نوجوانوں کی جانب سے ریلیاں، احتجاجی مظاہرے، انسانی چین اور مختلف آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا MSO پاکستان کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتی ہے اور اس عزم کا اظہار کرتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

## چھاپے کے دوران محنت کش کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے پر ایس ایچ او سمیت چھ پولیس اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

کاموںکے (رانا محمد ناصر سے) چھاپے کے دوران محنت کش کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے پر ایس ایچ او سمیت چھ پولیس اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج۔تفصیل کے مطابق گذشتہ روز ایس ایچ او تھانہ فیروز والا عادل اقبال پولیس کانسٹیبل سہیل احمد اور دیگر چار پولیس ملازمین کے ہمراہ محمد لقمان ولد اکرم سکنہ گوجرانوالہ کی ہمشیرہ کے گھر واقع نواحی گاں شادی خاں میں گھر میں داخل ہو کر آتے ہی پوچھ گچھ شروع کر دی جس پر گھر والوں نے بتایا کہ ہم شریف لوگ ہیں ہمارا کسی سے کوئی لین دین نہیں اسی دوران لقمان کا بہنوئی محمد شہباز واش روم جا رہا تھا کہ پولیس کی جانب سے فائرنگ کر دی گئی جس سے شہباز زخمی ہو کر گر پڑا، جسے تشویشناک حالت کے پیش نظر سول ہسپتال گوجرانوالہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

## سدہاوتاڑ کے قبرستان کے رقبہ کو فوری واگزار کروایا جائے

تحصیل وضلعی انتظامیہ اس پر کاروائی کرنے سے گریزاں ہیں

چونیاں (نواب یاور حسین اسدی) چونیاں کے نواحی گاؤں سدہاوتاڑ سدہا ٹھاڑ کوٹ چوہدری حسن کوٹ عبداللہ کوٹ شہزاد آباد کوٹ عبدالرحمٰن کے لوگوں نے قبرستان کی زمین کی واگزاری کے لیے اسسٹنٹ کمشنر چونیاں کے آفس کے باہر ایک ہفتہ میں دوسری بار احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سدہاوتاڑ کے قبرستان کے رقبہ کو فوری واگزار کروایا جائے جس پر گاؤں کے بااثر افراد نے عرصہ دراز سے قبضہ کر رکھا ہے اور تحصیل وضلعی انتظامیہ اس پر کاروائی کرنے سے گریزاں ہیں سابقہ دنوں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو قصور نے عوامی احتجاج پر کمیٹی تو تشکیل دے دی مگر کوئی عملی اقدام نظر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

## تعلیم اور شعور ہی اشرف المخلوقات بناتا ہے

بچوں کی منزل مقصود ہونا بہت ضروری ہے، ڈاکٹر شرافت علی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راجہ کرم اللہ خان ایجوکیشن چارٹرا کاونٹنڈ فنانس پلاننگ اینڈ ایلسس منیجر پیپسی کولا، ڈاکٹر شرافت علی، رضوان چٹھہ اے ای او ایجوکیشن وزیرآباد نے مشترکہ بیان میں کہا کہ تعلیم اور شعور ہی اشرف المخلوقات بناتا ہے بچوں کی منزل مقصود ہونا بہت ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سالانہ تقریب تقسیم انعامات پاکستان ماڈل ہائر سیکنڈری سکول وکالج ساروکی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آپ کا مقصد ہی آپ کو بڑا انسان بناتا ہے اس موقع پر سر طاہر نواز چیمہ، سر یاسر نواز چیمہ، سر عثمان پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول بھروکی، محمد آصف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

## لاہور، تین روز میں پتنگوں، گڈوں اور پنوں کی فروخت نے ریکارڈ قائم کر دیئے

پتنگوں کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ دستیابی میں کمی بھی دیکھنے میں آئی

مظفر گڑھ (ملک مختیار چنڈیر) لاہور، تین روز میں پتنگوں، گڈوں اور پنوں کی فروخت نے ریکارڈ قائم کر دیے * پتنگوں کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ دستیابی میں کمی بھی دیکھنے میں آئی لاہور: بسنت کے موقع پر لاہور میں تیسرے روز بھی پتنگوں، گڈوں اور پنوں کی خرید وفروخت عروج پر رہی، جہاں تین دنوں کے دوران نیا ریکارڈ قائم ہو گیا۔کائٹ فلائنگ ایسوسی ایشن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

## وفاق المدارس العربیہ ضلع قصور کے مسئول حضرت مولانا محمد ندیم طاہر کی ناظم اعلیٰ وفاق المدارس مولانا قاری محمد حنیف جالندھری سے ملاقات ضلع قصور کے امتحانی مراکز کے حوالہ سے تبادلہ خیال ہوا

لاہور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاق المدارس العربیہ ضلع قصور کے مسئول حضرت مولانا محمد ندیم طاہر کی ناظم اعلیٰ وفاق المدارس مولانا قاری محمد حنیف جالندھری سے ملاقات ضلع قصور کے امتحانی مراکز کیحوالہ سے تبادلہ خیال ہوا، قائد مدارس دینیہ مولانا قاری حنیف جالندھری نے مولانا محمد ندیم طاہر کی خدمات کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا، وفاق المدارس العربیہ پاکستان ضلع قصور کے مسئول مولانا محمد ندیم طاہر نے تفصیل کے ساتھ پورے ضلع قصور کی صورت حال سے آگاہ کیا ۔حضرت ناظم اعلیٰ نے امتحانی انتظامات کو خوب سراہا اور استقامت کی دعائیں دیں اور حوصلہ افزائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

## گورنمنٹ گریجویٹ کالج سرسید ہال میں انٹرمیڈیٹ کلاسز کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا

جس میں بچوں کو انعامات تقسیم کیے گے، تقریب میں وائس پرنسپل پروفیسر ریاض مہاروی مہمان خصوصی تھے

چشتیاں (شبیر جان) گورنمنٹ گریجویٹ کالج سرسید ہال میں انٹرمیڈیٹ کلاسز کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا جس میں بچوں کو انعامات تقسیم کیے گے۔تقریب میں وائس پرنسپل پروفیسر ریاض مہاروی مہمان خصوصی تھے۔اس موقع پر پروفیسر عرفان نسیم، پروفیسر ناصر محمود باجوہ، پروفیسر محمد افضل، پروفیسر یاسر حمید، پروفیسر شہزادہ بختیار، پروفیسر عبدالقیوم، اور دیگر پروفیسرز نے شرکت کی۔پروفیسر رضوان یونس کا کہنا تھا کے میں نے تعلیمی سیشن 26-2025 کے دوران تمام کلاس ٹیسٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

## سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بسلسلہ شب برات 3 فروری 14 2026 شعبان المعظم بروز منگل بعد از نماز عشا منعقد ہوئی

گجرات (قاری غلام سرور نقشبندی) سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بسلسلہ شب برات 3 فروری 14 2026 شعبان المعظم بروز منگل بعد از نماز عشا منعقد ہوئی ۔۔جس کی صدارت صاحبزادہ مستنصر مجاہد صدیق نقشبندی سجادہ نشین استانہ عالیہ گلزار مدینہ نے فرمائی۔محفل کا آغاز تلاوت قران پاک ختم خواجگان اور شجرہ شریف سے شروع ہوا۔ختم خواجگان پیر صاحب نے پڑھایا۔شجرہ شریف محمد عاصم رضا اور محمد سلیم نقشبندی نے پڑھا۔تلاوت قران پاک حافظ محمد افضال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

## قازق صدر کی وزیراعظم ہاؤس آمد، پرتپاک استقبال

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف وزیراعظم ہاؤس پہنچیں وزیراعظم شہباز شریف نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا، دونوں رہنماؤں نے مصافحہ کیا، دونوں رہنماؤں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

## آستانہ عالیہ کھمکول شریف کوہاٹ کے سجادہ نشین حضرت پیر حبیب اللہ شاہ 9 فروری بروز پیروار سیالکوٹ تشریف لائینگے

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آستانہ عالیہ کھمکول شریف کوہاٹ کے سجادہ نشین حضرت پیر حبیب اللہ شاہ 9 فروری بروز پیروار سیالکوٹ تشریف لائینگے ۔پروگرام کے مطابق وہ یہاں علماء ومشائخ کے مختلف وفود سے ملاقات کے بعد سمبڑیال بعد نماز عشا گلی نمبر سات مسجد مدنی عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کی صدارت فرمائینگے۔صاحبزادہ پیر سید فرخ شاہ کوہاٹی کی زیر نگرانی محفل سے علامہ خالد اقبال نقشبندی خصوصی خطاب، تلاوت سید بلال شاہ، ہدیہ نعت صاحبزادہ سید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

## 8 فروری کی پہیہ جام ہڑتال ملک دشمنی مسترد کرتے ہیں

شیخ نیاز کھرنہ

کسی بھی قسم کا پہیہ جام ملک وقوم کے مفاد میں نہیں تاجر ریاست اور ریاست کے قوانین کے ساتھ کھڑے ہیں پاکستان میں امن ہوگا تو ریاست مضبوط ہوگی پاکستان مضبوط ہوگا 'صدر مرکزی انجمن تاجران

یہ وقت گروہی یا سیاسی مفادات کیلئے سڑکوں پر آنے کا نہیں بلکہ ایک قوم بن کر دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانے کا ہے، ہم اپنی پاک افواج کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں 'سیاسی ایجنڈے کا آلہ کار نہیں بنیں گے

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان بھر کی اہم تجارتی تنظیموں اور تاجر رہنماؤں نے سیاسی جماعت کی جانب سے 8 فروری کو دی جانیوالی پہیہ جام ہڑتال کی کال کو مسترد کرتے ہوئے اس سے مکمل لاتعلقی کا اعلان کر دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار تاجر رہنماؤں صدر مرکزی انجمن تاجران شیخ بابر کھرانہ 'جنرل سیکرٹری میاں ثاقب غفور 'صدر کلاتھ مارکیٹ بورڈ شیخ محمد افضل بچ اور جنرل سیکرٹری شیخ جواد اسحاق 'چوہدری محمد حفیظ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

## اللہ آباد رمضان المبارک سے قبل مستحق ہمسایوں کی مالی معاونت وقت کی اہم ضرورت ہے

ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ اخلاص، محبت اور ہمدردی کا رویہ اپنانا چاہیے، جام تیمور عباس لاڑ

لیاقت پور (سید محمد طارق شاہ) اللہ آباد رمضان المبارک سے قبل مستحق ہمسایوں کی مالی معاونت وقت کی اہم ضرورت ہے: جام تیمور عباس لاڑ رمضان المبارک کی آمد سے قبل اپنے غریب اور مستحق ہمسایوں کی مالی معاونت کرنا ہم سب کی دینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے تاکہ وہ سکون اور اطمینان کے ساتھ روزے رکھ سکیں۔ان خیالات کا اظہار رہنما پاکستان پیپلز پارٹی جام تیمور عباس لاڑ نے خیابان ارشدتان لیاقت پور میں خیرات کی تقسیم کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ اخلاص، محبت اور ہمدردی کا رویہ اپنانا چاہیے، کیونکہ معاشرے کی اصل خوبصورتی باہمی تعاون اور ایثار میں مضمر ہے۔رمضان المبارک ہمیں صبر، قربانی اور ضرورت مندوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

## مہر وزیرآباد پریس کلب کا الیکشن اجلاس

اجلاس میں چیئرمین الیکٹرک میڈیا کلب عقیل احمد لودھی کی تجویز پر عدنان بٹ کو صدر منتخب کیا

وزیرآباد (میاں شمس الدین مہر) وزیرآباد پریس کلب کا الیکشن اجلاس۔عقیل احمد لودھی کے تجویز کردہ صدر عدنان بٹ۔مہر طاہر جاوید مٹھو جنرل سیکرٹری، سینئر نائب صدر میاں شمس الدین مہر مشترکہ منتخب۔پریس کلب کا اجلاس برائے الیکشن 2026 چیئرمین طارق امین خالد کی سربراہی میں منعقد ہوا۔اجلاس میں چیئرمین الیکٹرک میڈیا کلب عقیل احمد لودھی کی تجویز پر عدنان بٹ کو صدر جبکہ جنرل سیکرٹری مہر طاہر جاوید مٹھو کو متفقہ طور پر منتخب کر لیا گیا۔دیگر میں سرپرست اعلیٰ محمود احمد خان لودھی۔سرپرست خواجہ وقار قمر۔مہر غلام۔م (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

## قتل کا مقدمہ، مجرمان کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ نے موبائل چوری کے واقعہ میں قتل سے متعلق کیس میں مجرمان کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دی۔کراچی میں موبائل چوری کے واقعہ میں قتل سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل تین رکنی بینچ نے کی، وکیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

## فراڈ کا مقدمہ، ضمانت کی بحالی سے متعلق درخواست پر نوٹس جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق ڈی جی آئی ایس آئی فیض حمید کے بھائی نجف حمید کے خلاف فراڈ کے مقدمے میں ضمانت کی بحالی سے متعلق درخواست پر نوٹس جاری کر دیئے۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس راجہ انعام امین منہاس نے کیس کی سماعت کی، جہاں سابق نائب تحصیلدار نجف حمید اپنے وکلا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

## فارن فنڈنگ کیس، ایف آئی اے نے چالان مکمل کر لیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سنٹنگ کورٹ اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران خان ودیگر کیخلاف فارن فنڈنگ کیس میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے جب کہ ایف آئی اے کی جانب سے کیس کا چالان مکمل کر لیا گیا۔فارن فنڈنگ کیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

## سانحہ بھاٹی گیٹ مقدمہ، گرفتار ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع

لاہور (نیوز ڈیسک) ضلعی عدالت لاہور نے بھاٹی گیٹ حادثہ کیس میں گرفتار ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع کر دی، عدالت نے ملزمان کو 9 فروری کو دوبارہ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ضلع کچہری لاہور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

## 26 نومبر احتجاج، سہیل آفریدی ودیگر کا چالان جمع نہ کروانے پر تفتیشی افسر کو شوکاز نوٹس جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد میں انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، جنید اکبر ودیگر کا چالان جمع نہ کروانے پر تفتیشی افسر کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس پر سماعت کی، عدالت نے سہیل آفریدی ودیگر کیخلاف چالان جمع نہ کروانے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تفتیشی افسر بتائے کہ اس نے ابھی تک چالان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

## سرگودھا: کانسٹیبل محمود مظہر کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب

آر پی او محمد شہزاد آصف خان نے اعزازی شیلڈ دیکر رخصت کیا

شاہپور سرگودھا (راجہ فیاض) سرگودھا: کانسٹیبل محمود مظہر کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب، آر پی او محمد شہزاد آصف خان نے اعزازی شیلڈ دیکر رخصت کیا (سرگودھا: آر پی او محمد شہزاد آصف خان نے آر پی او آفس میں تعینات کانسٹیبل محمود مظہر کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا جس میں ایس پی آر آئی بی اظہر یعقوب، ایس پی لیگل افتخار احمد دیو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر عاصمہ موسیٰ، اے ڈی آئی جی محمد طارق ملک، ڈی ایس پی لیگل قاسم حیات اور ڈی ایس پی آر آئی بی مہدی حسن شاہ سمیت دیگر عملہ نے شرکت کی۔آر پی او نے کنسٹیبل محمود مظہر کی 35 سالہ محکمانہ خدمات کو سراہا اور آئندہ زندگی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اعزازی شیلڈ دے کر رخصت کیا۔رپورٹ راجہ فیاض

## ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

جس میں پرائس کنٹرول سے متعلقہ پیرا فورسز اور مجسٹریٹس نے شرکت کی

اٹک (راضی خان سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پرائس کنٹرول سے متعلقہ پیرا فورسز اور مجسٹریٹس نے شرکت کی، اجلاس میں رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی دستیابی، قیمتوں کے استحکام اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیلی غور وخوض کیا گیا، اس موقع پر اس بات پر زور دیا گیا کہ رمضان المبارک میں کسی بھی صورت آٹا، چینی اور دیگر اشیائے خورونوش کی ذخیرہ اندوزی یا شارٹیج برداشت نہیں کی جائے گی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے واضح ہدایات جاری کرتے ہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

## صحافت ایک مقدس اور ذمہ دارانہ پیشہ ہے، چوہدری اختر علی خان

معاشرے میں سچ، انصاف اور عوامی شعور کے فروغ میں صحافیوں کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے

گوجرانوالہ (تحصیل رپورٹر) ایم پی اے چوہدری اختر علی خان، نے کہا کہ صحافت ایک مقدس اور ذمہ دارانہ پیشہ ہے۔معاشرے میں سچ، انصاف اور عوامی شعور کے فروغ میں صحافیوں کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔آپ کی تحریر اور رپورٹ عوام اور ایوانوں کے درمیان پل کا کام کرتی ہے۔اگر صحافت دیانت داری اور اصولوں کے ساتھ کی جائے تو یہ طاقتور کو جواب دہ بناتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پریس کلب کاموںکے نومنتخب عہدے داروں سے توقع ہے کہ وہ عملی، غیر جانبدار اور عوامی مفاد پر مبنی صحافت کو فروغ دیں گے۔میں صحافی برادری کے مسائل کے حل اور آزادی صحافت کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھوں گا۔جبکہ صدر پریس کلب کاموںکے تنویر احمد بٹ، ڈرائریکٹر جنرل انفارمیشن گوجرانوالہ ذوالفقار احمد، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ ملتان عابد نور بھٹی، صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

## سیٹلائٹ ٹاؤن مارکیٹ 8 فروری کو کھلی رہے گی

ہڑتال سے لاتعلقی کا اعلان

8 فروری کو ہونے والی کسی بھی ہڑتال سے انجمنِ تاجران سیٹلائٹ ٹاؤن کا کوئی تعلق نہیں ہے، صدر سیٹلائٹ ٹاؤن انجمنِ تاجران رانا حمود الرحمٰن

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن مارکیٹ 8 فروری کو کھلی رہے گی، ہڑتال سے لاتعلقی کا اعلان سیٹلائٹ ٹاؤن انجمنِ تاجران کے صدر رانا حمود الرحمٰن نے واضح کیا ہے کہ 8 فروری کو ہونے والی کسی بھی ہڑتال سے انجمنِ تاجران سیٹلائٹ ٹاؤن کا کوئی تعلق نہیں ہے۔سیٹلائٹ ٹاؤن کی تمام مارکیٹس حسب معمول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

## محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ بسلسلہ ایصال ثواب والدین راجہ شاہد (آج) 5 فروری بروز جمعرات بعد نماز ظہر گاوں سندوالہ لال پور سٹاپ مرالہ روڈ سیالکوٹ منعقد ہوگی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ بسلسلہ ایصال ثواب والدین راجہ شاہد (آج) 5 فروری بروز جمعرات بعد نماز ظہر گاوں سندوالہ لال پور سٹاپ مرالہ روڈ سیالکوٹ منعقد ہوگی جس میں پاکستان مشائخ وعلما کونسل کے مرکزی سیکرٹری جنرل ایس اے حکیم القادری اور صدر مسلم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ضرورت نمائندگان
عوامی دنیا NEWS HD
کو اپنی بڑھتی ہوئی سرکولیشن کے پیش نظر
ملک بھر سے
بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر، تحصیل رپورٹر، نامہ نگار
نمائندہ خصوصی، سٹی رپورٹر، اور کورٹس رپورٹر کی ضرورت ہے
نمائندگان اس نمبر پر رابطہ کریں
0322-8882222
صحافت کا تجربہ رکھنے والے افراد رابطہ کریں۔